http://dailygawadarbusiness.com.pk

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ

ABC Certified

گوادر بزنس

کوئٹہ

جلد 22 | پیر 03 اگست 2026ء | 19 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 29

آزاد کشمیر انتخابات دوسرے مرحلے کے انتخابات غیر حتمی، غیر سرکاری نتائج کے مطابق ن لیگ کو برتری حاصل

لیگی امیدواروں کے حامیوں کا نتائج آنے کے بعد جشن، پی پی، استحکام پاکستان پارٹی کی جانب سے مبینہ دھاندلی اور بے ضابطگیوں کے الزامات عائد

غیر کشمیری افراد سے جعلی ووٹ ڈلوائے گئے، آزاد کشمیر انتخابات کے نام پر بڑے پیمانے پر انتخابی فراڈ کیا گیا، فیصل میر

لاہور/ راولپنڈی/ مریدکے/ ننکانہ/ گجرات/ پاکپتن/ بھکر (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر میں ہونے والے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں مہاجرین کیلئے مخصوص سیٹوں پر مختلف حلقوں سے موصول ہونے والے غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل سے فون پر رابطہ ہوا ہے، ایرانی وزیر خارجہ

ایران کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دینے کے لیے تیار ہے، عباس عراقچی

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کسی بھی ایڈونچر سے باز رہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

ہنگو میں کارروائی، خزینہ بانڈہ چیک پوسٹ حملے کا مبینہ ماسٹر مائنڈ ہلاک

ہنگو (این این آئی) پولیس نے ہنگو میں کارروائی کرتے ہوئے خزینہ بانڈہ چیک پوسٹ حملے کے مبینہ ماسٹر مائنڈ کو ہلاک (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

غزہ میں اسرائیل کا تازہ حملہ، 9 شہید، 18 فلسطینی گرفتار

اسرائیلی حکام نے بیت جالا قصبے میں تین فلسطینیوں کو اپنے مکانات مسمار کرنے کا حکم بھی دیا

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں اسرائیلی قابض فوج کے تازہ حملوں میں 9 فلسطینی ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے جبکہ اسرائیلی فورسز نے مغربی کنارے میں چھاپہ مارا اور 18 (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

ایران کی درخواست پر پیپلز پارٹی کا ایران پر بڑے حملے کا منصوبہ مؤخر، نیا کان کوئی درخواست نہیں، ایران کی تردید

امریکہ ایران پر غیر معمولی فوجی طاقت کے ساتھ حملہ کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار اور مسلح تھا۔ ان کے مطابق امریکی فوج کی تیاری کی سطح دوسری عالمی جنگ کے بعد اپنی مثال آپ تھی

مجوزہ معاہدے میں آبنائے ہرمز کو فوری اور مکمل طور پر کھولنے اور ایران کے مبینہ جوہری خطرے کے خاتمے کی شقیں شامل ہیں، امریکی صدر

مسلح افواج مکمل طور پر چوکس ہیں اور کسی بھی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہر وقت تیار ہیں، ایران کی دفاعی فورسز کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے، ایرانی حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ انہوں نے ایران کے خلاف منصوبہ بند فوجی حملہ منسوخ کرنے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے کیونکہ انہیں تہران اور مشرق وسطی کے چند دیگر ممالک کی جانب سے کارروائی مؤخر کرنے کی درخواست موصول ہوئی تھی تاہم امریکی افواج حملہ کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار تھیں۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

تہران/ واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ انہوں نے ایران پر مجوزہ حملہ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، تاہم یہ فیصلہ اس شرط سے مشروط ہے کہ ایران کے ساتھ جلد کسی معاہدے تک پہنچا جا سکے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

باجوڑ اور خیبر میں کارروائیاں، آپریشن 11 گرج کے تحت 10 دہشتگرد ہلاک

شاکر و میں مساجد میں ڈیرے جمانے والے فتنہ الخوارج ٹی ٹی پی کے دو دہشت گرد اور دربی خیل اور بٹان میں 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا

سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے آپریشن 11 گرج کے تحت خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ اور خیبر میں الگ الگ کارروائیوں کے دوران فتن الخوارج کے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، کارروائیوں کی ویڈیو بھی جاری کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

ایران جانے کی کوشش کرنے والے 14 افغان باشندوں کی لاشیں برآمد

کابل (این این آئی) افغانستان کے جنوب مغربی صوبے نیمروز کے صحرائی علاقے سے ایران جانے کی کوشش کرنے والے 14 افغان باشندوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ حکام کے مطابق یہ افراد کئی ہفتوں سے لاپتا تھے اور (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

ڈی جی آئی ایس پی آر کی سمر انٹرن شپ 2026 میں طلبہ کیساتھ خصوصی نشست

قومی سلامتی، دہشتگردی اور سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال پر تفصیلی گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی سمر انٹرن شپ 2026 میں (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: چیف آف سراوان نواب محمد اسلم رئیسانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جام کمال خان کا بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم پر اظہار تشویش

اس نوعیت کے معاملات صوبے کی موجودہ نازک صورتحال کو مزید بگاڑنے میں "آگ" کا کردار ادا کر سکتے ہیں

کئی دیگر اضلاع کو پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (PSDP) میں مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا، وفاقی وزیر تجارت

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت اور مسلم لیگ (ن) کے رہنماء جام کمال خان نے بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی تقسیم میں مساوی اور منصفانہ رویہ اختیار کیا جانا چاہیے۔ انہوں نیکہا یہ بات افسوسناک ہے کہ بعض مخصوص اور چنیدہ اضلاع پر اربوں روپے کے ترقیاتی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

سندھ میں موسلا دھار بارشیں، 8 افراد جاں بحق، تمام ادارے ہائی الرٹ

وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ کی پی ڈی ایم اے میں ہنگامی اجلاس کی صدارت

متاثرہ علاقوں میں ریسکیو، ریلیف اور نکاسی آب تیز کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبے میں جاری مون سون بارشوں اور ممکنہ ہنگامی صورتحال کے پیش نظر صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات میں پی ٹی آئی نے پی پی کے امیدوار کو سپورٹ کی، خواجہ آصف

پیپلز پارٹی نے آخری انتخاب اس شہر سے 1970 میں جیتا تھا، پیپلز پارٹی کی پذیرائی ختم ہو چکی ہے، شہر میں 45 فیصد سے زیادہ ٹرن آؤٹ رہا ہے

پیپلز پارٹی نے سیالکوٹ سے آخری انتخاب 1970 میں جیتا تھا، پیپلز پارٹی کی پذیرائی ختم ہو چکی ہے، وزیر دفاع

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر انتخابات میں پی ٹی آئی نے پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی سپورٹ کی ہے، کہیں کہیں نظر آ رہا تھا کہ دونوں (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور امریکی صدر کا ٹیلیفونک رابطہ

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ سعودی ولی عہد نے ایران پر امریکا کی جانب سے بڑے حملوں کے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے عمران خان کی رہائی ناگزیر ہے، علیمہ خان

کرک میں پی ٹی آئی کارکنوں سے خطاب، امن کے لیے مذاکرات پر زور

کرک (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور امن و امان کے چیلنجز سے نکالنے کے لیے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے پارٹی رہنماء راجہ پرویز اشرف ملاقات کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی، وزیر اعلیٰ بگٹی

حکومت نے مشکل وقت میں ان کے خاندان کا سہارا بن کر نہ صرف وعدہ پورا کیا بلکہ شہداء کے اہل خانہ کی دلجوئی کی ایک بہترین مثال بھی قائم کی

بلوچستان کے لوک فنکار صوبے کی ثقافت، روایات اور مثبت تشخص کے حقیقی سفیر ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی ہرنائی کے ضلعی جنرل سیکرٹری شہید ملک (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گانوں کے ذریعے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کرنے والے نصیر آباد سے تعلق رکھنے والے معروف لوک گلوکار گل میر (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: چیف آف سراوان نواب محمد اسلم رئیسانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جام کمال خان کا بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم پر اظہار تشویش

اس نوعیت کے معاملات صوبے کی موجودہ نازک صورتحال کو مزید بگاڑنے میں "آگ" کا کردار ادا کر سکتے ہیں

کئی دیگر اضلاع کو پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (PSDP) میں مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا، وفاقی وزیر تجارت

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت اور مسلم لیگ (ن) کے رہنماء جام کمال خان نے بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی تقسیم میں مساوی اور منصفانہ رویہ اختیار کیا جانا چاہیے۔ انہوں نیکہا یہ بات افسوسناک ہے کہ بعض مخصوص اور چنیدہ اضلاع پر اربوں روپے کے ترقیاتی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

غزہ اور قفنہ الخوارج کے خاتمے تک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز ناگزیر ہیں، محسن نقوی

وزیر داخلہ کی ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ خزینہ بانڈہ پر حملے کا سرغنہ خوارجی معاویہ کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کی ستائش

سیکورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں نے بروقت کارروائیاں کر کے خوارجیوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ خزینہ بانڈہ پر حملے کا سرغنہ خوارجی معاویہ کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں قیام امن کیلئے سیکورٹی فورسز پر عزم ہیں، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خاتمے تک انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز ناگزیر ہیں۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں آپریشن 11 گرج کے تحت متعدد (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

ایران آئندہ 2 سالوں تک بدترین صورتحال کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہے، ایرانی نائب صدر

کابل (این این آئی) ایرانی نائب صدر محمد رضا عارف نے کہا ہے کہ جنگ کی صورتحال کے باوجود ایران میں انتظامیہ نے کسی چیز کی کمی نہیں ہونے دی۔ غیر ملکی خبر رساں (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

ایم کیو ایم پاکستان میں اختلافات شدت اختیار کر گئے،

پارٹی اجلاس کے بعد ہاتھا پائی، پتھراؤ اور مبینہ ہوائی فائرنگ، دفتر میں توڑ پھوڑ کا دعویٰ

بہادر آباد میں دو گروپوں کے کارکنوں میں تصادم، 3 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے، جہاں بہادر آباد میں پارٹی اجلاس کے بعد دو گروپوں کے کارکنوں (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

سانگھڑ: رکن قومی اسمبلی شازیہ مری دولت آباد میں مقتول بہرو کوہلی کے اہلخانہ سے ملاقات کر رہی ہیں

آزاد کشمیر انتخابات کا دوسرا مرحلہ، پیپلز پارٹی کا دھاندلی کے الزامات مسلم لیگ ن کی تردید

ابتدائی شکایات کا بروقت نوٹس لیا جاتا تو دوسرے مرحلے کے انتخابات پر عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہو سکتا تھا، بلاول بھٹو

کسی کا رونا بتا رہا ہے مظفر آباد میں بھی شیر جیت رہا ہے، بھائی الیکشن رونے سے نہیں جیتے جاتے، الیکشن لڑنا پڑتا ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد/ مظفر آباد/ لاہور/ کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر الیکشن کے دوسرے مرحلے میں بھی پاکستان مسلم لیگ (ن) پر دھاندلی کا الزام عائد کر دیا جبکہ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے تردید کر دی گئی، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے الیکشن سیل نے الیکشن کمیشن کو خط لکھ کر پیپلز پارٹی کے دھاندلی کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے شکایت کو بے بنیاد (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی واپسی، 23 ماہ بعد پہلی بار نیٹ خریداری

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال کے آغاز پر پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں غیر ملکی سرمایہ کاری کا مثبت رجحان سامنے آیا ہے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

روس کے دارالحکومت ماسکو میں دھماکا، 3 افراد ہلاک

ماسکو (این این آئی) روس کے دارالحکومت ماسکو میں دھماکے کے نتیجے میں 3 افراد ہلاک اور 21 دیگر زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

کرک: بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان عوامی اجتماع سے خطاب کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کے دھاندلی کے الزامات میں تضاد پہلے 13 پھر 2 نشستوں کا دعویٰ کیا

لٹا تا اللہ

لطیف اکبر پر حملہ مخالف برادری کے افراد کے ساتھ تلخ کلامی کا معاملہ تھا، پیپلز پارٹی کی جانب سے قاتلانہ حملہ قرار دینا درست نہیں

سواہ پولیس اسٹیشن پر خودکش حملہ، 13 افراد شہید، 20 سے زائد زخمی

خودکش دھماکہ اس وقت ہوا جب تھانے کے قریب اولسی پاسون کی جانب سے امن کے لئے مظاہرہ کیا جا رہا تھا

خودکش حملہ آور پولیس کمپاؤنڈ میں داخل ہونے کی کوشش کر رہا تھا، پولیس جوانوں نے مرکزی گیٹ پر ہی روک لیا، آر پی او

سوات/ اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا کے سیاحتی شہر سوات کے علاقے کبل میں پولیس اسٹیشن کے قریب دھماکے میں 13 افراد شہید اور 20 سے زائد زخمی ہو گئے، زخمیوں میں بعض کے حالت نازک ہے جس کے باعث شہادتوں میں اضافے کا خدشہ ہے جبکہ دھماکے پر وفاقی (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

صوبوں کی تقسیم کیلئے غیر متنازعہ بااختیار پارلیمنٹ، اتفاق رائے، اجتماعی دانش کی ضرورت ہے، سعدیہ رفیق

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے ابتر حالات کی بہتری کے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ ایران کے خلاف وہ کارروائی کرنے کو تیار ہیں جو دیگر انتظامیہ نے نہیں کی، امریکی وزیر خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے خلاف وہ کارروائی کرنے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر الیکشن کے دوسرے مرحلے کیلئے ووٹنگ، پولنگ کا وقت ایک گھنٹہ بڑھایا

عملہ نہ پہنچنے پر مظفر آباد ڈویژن کے حلقہ ایل اے 27 کے تمام 196 پولنگ اسٹیشنوں پر انتخابات ملتوی

وادی نیلم میں ووٹ ڈال کر واپس آنیوالی گاڑی بجلی کی تار سے ٹکرا گئی کرنٹ لگنے سے 8 افراد زخمی

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے پولنگ کا وقت ایک گھنٹہ بڑھایا گیا۔ آزاد کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے میں مظفر آباد ڈویژن کی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ولی تنگی میں بارودی سرنگ کا دھماکہ ایک شخص جاں بحق

ہنہ اوڑک کے قبائلی اور رہائشیوں کا احتجاجی دھرنا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے ولی تنگی میں بارودی سرنگ کا دھماکہ ایک شخص جاں بحق، ہنہ اوڑک کے قبائلی اور رہائشیوں کا احتجاجی دھرنا۔ سیکورٹی فورسز ذرائع کے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

خاران، مسلح افراد کا سٹی اور سی ٹی ڈی تھانے پر حملہ، وائرلیس وریکارڈ نذر آتش

فائرنگ کی زد میں آ کر خواتین اور بچے زخمی، سیکیورٹی فورسز کا شہر بھر میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن

خاران (رپورٹ محمد عیسیٰ محمد حسنی) رات گئے نامعلوم مسلح افراد کی بڑی تعداد نے خاران شہر میں داخل ہو کر سٹی پولیس تھانے پر حملہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق حملہ آوروں نے تھانے پر قبضہ کرنے کے دوران ڈیوٹی پر موجود پولیس اہلکاروں کو حراست میں لے لیا اور تھانے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں بدامنی بدعنوانی عروج پر ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

7 اگست کی ہڑتال کسی ایک طبقے یا جماعت کی نہیں بلکہ بلوچستان کے مظلوم عوام کی آواز ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ 7 اگست کی صوبہ گیر ہڑتال کے سلسلے میں ملک بھر کی طرح بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور عوام الناس قومی جذبے کے تحت بھرپور تعاون کریں (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات کا دوسرا مرحلہ، پیپلز پارٹی کا دھاندلی کے الزامات مسلم لیگ ن کی تردید

ابتدائی شکایات کا بروقت نوٹس لیا جاتا تو دوسرے مرحلے کے انتخابات پر عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہو سکتا تھا، بلاول بھٹو

کسی کا رونا بتا رہا ہے مظفر آباد میں بھی شیر جیت رہا ہے، بھائی الیکشن رونے سے نہیں جیتے جاتے، الیکشن لڑنا پڑتا ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد/ مظفر آباد/ لاہور/ کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر الیکشن کے دوسرے مرحلے میں بھی پاکستان مسلم لیگ (ن) پر دھاندلی کا الزام عائد کر دیا جبکہ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے تردید کر دی گئی، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے الیکشن سیل نے الیکشن کمیشن کو خط لکھ کر پیپلز پارٹی کے دھاندلی کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے شکایت کو بے بنیاد (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کے دھاندلی کے الزامات میں تضاد پہلے 13 پھر 2 نشستوں کا دعویٰ کیا

لٹا تا اللہ

لطیف اکبر پر حملہ مخالف برادری کے افراد کے ساتھ تلخ کلامی کا معاملہ تھا، پیپلز پارٹی کی جانب سے قاتلانہ حملہ قرار دینا درست نہیں

انتخابی عمل کے دوران صرف تین واقعات پیش آئے، آٹھ نشستوں پر پولنگ مکمل طور پر پرامن انداز میں ہوئی، مشیر وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے دھاندلی کے الزامات میں تضاد ہے، پہلے 13 پھر 2 نشستوں کا دعویٰ کیا۔ وفاقی وزیر امیر مقام کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ آزاد کشمیر میں بلدیاتی (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر نے ہماری کسی ایک شکایت کا بھی جواب نہیں دیا، راجہ پرویز اشرف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما راجہ پرویز اشرف نے آزاد کشمیر کے انتخابات میں مبینہ دھاندلی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم کا خودکش دھماکے اور اس میں ہونیوالی اموات پر گہرے غم و افسوس کا اظہار

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے سوات کے علاقے کبل میں خودکش دھماکے اور اس میں ہونے والی اموات پر (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں بدامنی بدعنوانی عروج پر ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

7 اگست کی ہڑتال کسی ایک طبقے یا جماعت کی نہیں بلکہ بلوچستان کے مظلوم عوام کی آواز ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ 7 اگست کی صوبہ گیر ہڑتال کے سلسلے میں ملک بھر کی طرح بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور عوام الناس قومی جذبے کے تحت بھرپور تعاون کریں (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

حیدر آباد: شدید بارشوں کے بعد سڑک پر جمع پانی سے شہری گزر رہے ہیں

بھارت کی جانب سے غزہ جنگ کے دوران اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی کا انکشاف

اسرائیل کو ہتھیار برآمد کر کے بھارت جینوا کنونشن کی خلاف ورزی کر رہا ہے، سیکرٹری جنرل ایمنسٹی انٹرنیشنل

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی جانب سے غزہ جنگ کے دوران اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی کا انکشاف ہوا ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے انکشاف کیا کہ غزہ میں جاری اسرائیلی جارحیت کے دوران بھارت کی جانب سے اسرائیل کو اسلحہ فراہم کیا (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر دانیال چوہدری اور مریم اورنگزیب میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

وزارت خزانہ کا مہنگائی کی شرح مزید بلند رہنے کا خدشہ

وزارت خزانہ کی جانب سے جاری کی گئی ماہانہ اقتصادی اپ ڈیٹ رپورٹ میں یہ عندیہ دیا گیا ہے کہ رواں مالی سال کے ابتدائی عرصے میں مہنگائی کی شرح بلند رہنے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ مالی سال مہنگائی کی اوسط شرح 7.1 فیصد رہی، جبکہ مالی سال 2024-25 میں یہ شرح 4.5 فیصد تھی۔ جون کے مہینے میں مہنگائی بڑھ کر 11.1 فیصد تک پہنچ گئی، جبکہ جولائی کے دوران بھی مہنگائی کی شرح 9 سے 10 فیصد کے درمیان رہنے کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ بیرونی شعبہ مجموعی طور پر مستحکم رہ سکتا ہے، تاہم مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی کشیدگی افراطِ زر اور معیشت کے لیے نئے خطرات پیدا کر سکتی ہے۔ یہ حقیقت اپنی جگہ درست ہے کہ مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال نے عالمی معیشت کو متاثر کیا ہے اور تیل کی قیمتوں سمیت کئی عوامل دنیا بھر میں مہنگائی کا سبب بنے ہیں۔ لیکن پاکستان میں مہنگائی کا مسئلہ صرف حالیہ عالمی حالات کے باعث پیدا نہیں ہوا بلکہ گزشتہ کئی برسوں سے عوام مسلسل مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ ایسے میں اگر حکومت صرف یہ اطلاع دے کہ آئندہ مہنگائی مزید بڑھ سکتی ہے تو یہ عوام کے لیے کسی تشویش سے کم نہیں۔ زیادہ مناسب یہ ہوتا کہ مہنگائی میں اضافے کے خدشات ظاہر کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے تدارک اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے بھی واضح اور موثر اقدامات کئے جاتے۔ خصوصاً پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کا موجودہ طریقہ کار عوام کی پریشانی میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے۔ اگر عوام پر مہنگائی کا بوجھ اسی طرح بڑھتا رہا تو اس کے اثرات صرف معاشی شعبے تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ حکومتی کارکردگی اور گورننس پر بھی سوالات اٹھیں گے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ معاشی استحکام کے دعوؤں کے ساتھ ساتھ عوامی مشکلات میں حقیقی کمی لانے کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرے تاکہ مہنگائی اور غربت کے اس مسلسل دباؤ سے شہریوں کو کچھ ریلیف مل سکے۔

قسطوں میں موت کیوں؟

افتخار احمد سندھو

پہلے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایک مہینے بعد ردوبدل ہوتا تھا پھر حکومت نے یہ دورانیہ پندرہ دن کر دیا' اس کے بعد قیمتوں میں ردوبدل ہفتہ وار ہونے لگا۔ پھر بھی جب دل نہ بھرا تو حکومت نے عوام کو موت وحیات کی کشمکش میں مبتلا رکھنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کرنے کا پلان بنا لیا۔ ہمارے ایک دوست نے حکومت کو مشورہ دیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل بلکہ اضافہ دن میں پانچ بار ہونا چاہیے اور یہ نیک کام مساجد کے پیش اماموں کے سپرد کر دینا چاہیے کہ وہ اذان کے ساتھ مسجد کے سپیکر میں عوام کو پٹرول کی قیمت میں اضافے کی خبر بھی سنا دیا کریں۔ اس طرح کسی وزیر یا مشیر کو پریس کانفرنس کی بھی زحمت نہیں اٹھانا پڑے گی۔ ایک دوسرے دوست نے حکومت کو یہ صائب مشورہ دیا ہے کہ ہر روز تیل کی قیمتیں بڑھا کر عوام کو قسطوں میں مارنے کے بجائے ایک بار ہی ڈیزل اور پٹرول کی قیمتوں میں من چاہا اضافہ کر کے انہیں موت کے سپرد کر دینا چاہیے۔ شاکر شجاع آبادی نے تو بہت پہلے یہ مشورہ دے دیا تھا' پتا نہیں حکومت نے ان کا یہ مفید مشورہ ابھی تک کیوں نہیں مانا:

ایویں مارنہ شاکر قسطاں وچ

یکمشت مکاؤ ڈی جان چھٹے

ایک اور منچلے نے حکومت کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو عالمی جنگوں اور ان میں ہونے والے نقصانات کے ساتھ منسلک کرنے کی تجویز دیتے ہوئے دھمکی ملنے پر 10 روپے' میزائل چلنے پر 50 روپے اور جنگی جہاز تباہ ہونے پر 200 روپے فی لٹر پٹرول کی قیمت بڑھانے کا مشورہ دیا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے ایک پرانا لطیفہ یاد آ گیا۔ ایک شخص ٹرین میں سفر کر رہا تھا۔ ہر سٹیشن پر اترتا' اگلے سٹیشن کی نئی ٹکٹ لیتا اور پھر اسی ٹرین میں بیٹھ جاتا۔ ساتھ بیٹھے مسافر نے حیران ہو کر پوچھا: بھائی جہاں جانا ہے' وہاں تک کی ایک ہی ٹکٹ کیوں نہیں لے لیتے؟ اس نے جواب دیا: "ڈاکٹر نے لمبا سفر کرنے سے منع کیا ہے' اس لیے تھوڑا تھوڑا سفر کرتا ہوں"۔ شاید اسی لیے ہماری حکومت نے ایک ہی بار مارنے کے بجائے عوام کو قسطوں میں مارنے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ اگر ایک ہی بار میں عوام کو مار ڈالا تو بار بار بوجھ کس پر ڈالیں گے؟ ملک میں ڈیزل کی قیمت صرف ایک ہفتے میں تقریباً 16 فیصد بڑھ گئی ہے۔ اسی دوران افغانستان میں ڈیزل کی قیمت میں صرف ڈیڑھ فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ بھارت' بنگلہ دیش' مالدیپ اور نیپال میں بالکل بھی کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ سوال یہ ہے کہ جب تیل کی ایک ہی عالمی منڈی ہے تو اس کے باوجود مقامی طور پر اثرات مختلف کیوں ہیں؟ میرے ایک دوست نے اگلے روز بتایا کہ لاہور سے ملتان جاتے ہوئے جیسے ہی نواز شریف انٹرچینج ٹول پلازہ سے رنگ روڈ پر چڑھے ایم فیگ سے 100 روپے منہا ہو گئے۔ وہ حیران رہ گئے کیونکہ ابھی چند دن پہلے ہی رنگ روڈ پر داخلے کا ٹول 70 روپے تھا۔ اسی طرح موٹر وے پر سفر کرتے ہوئے جب خانیوال انٹرچینج سے ملتان روڈ پر اترے تو تقریباً 1300 روپے ٹول کٹ گیا حالانکہ چند دن پہلے یہی فیس ایک ہزار روپے سے کچھ ہی زیادہ تھی۔ شاہراہوں اور موٹرویز کے ٹول ٹیکس میں بار بار اضافہ بھی سمجھ سے بالاتر ہے۔ آخر یہ کہاں کا انصاف ہے؟ کیا موٹرویز اور شاہراہوں پر بھی پٹرول مہنگا ہونے کے اثرات پڑتے ہیں کہ ہر چند ماہ بعد ٹول ٹیکس بڑھا دیا جائے؟ حکومت کا بنیادی فرض یہ ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو تحفظ' انصاف' تعلیم' صحت اور بنیادی سہولیات فراہم کرے۔ ان خدمات کی فراہمی کیلئے حکومت عوام سے ٹیکس وصول کرتی ہے جو دنیا کے ہر مہذب ملک میں ایک تسلیم شدہ اصول ہے' لیکن جب ٹیکسوں کی تعداد بڑھتی جائے' بوجھ عام آدمی پر منتقل ہوتا رہے اور اس کے بدلے عوام کو مناسب سہولتیں نہ ملیں تو سوال اٹھنا فطری ہے کہ آخر یہ رقم کہاں خرچ ہو رہی ہے؟

پاکستان میں آج ایک عام شہری اپنی روزمرہ زندگی کے تقریباً ہر مرحلے پر کسی نہ کسی صورت میں ٹیکس کی ادائیگی کرتا ہے۔ وہ اشیائے ضروریہ خریدے تو سیلز ٹیکس' گاڑی میں سفر کرے تو پٹرول پر لیوی' موٹروے استعمال کرے تو ٹول ٹیکس' بجلی اور گیس استعمال کرے تو مختلف سرچارجز اور ٹیکس۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ نئے محصولات عائد کرنا حکومت کا آمدنی بڑھانے کا سب سے آسان ذریعہ بن گیا ہے جبکہ اخراجات میں کفایت شعاری' ٹیکس نیٹ کی توسیع اور مالی نظم وضبط پر نسبتاً کم توجہ دی جاتی ہے بلکہ دی ہی نہیں جاتی۔ سوال یہ ہے کہ اتنے زیادہ ٹیکسوں کے بدلے میں حکومت عوام کو کیا سہولت دے رہی ہے؟

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ دنیا بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے مگر ان مصنوعات پر پٹرولیم لیوی میں اضافے کا' جو براہِ راست حکومت کے خزانے میں جاتی ہے' بین الاقوامی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے کیا تعلق ہے؟ کوئی نہیں! عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہوں یا زیادہ' ہمارے ملک میں ہمیشہ بلند ہی رہتی ہیں کیونکہ عوام کو ملنے والے ریلیف کا بڑا حصہ مختلف لیویز اور ٹیکسوں کی نذر ہو جاتا ہے۔ اسی طرح ٹول ٹیکس بھی ایک مستقل مالی بوجھ بن چکا ہے۔ شہری سوال کرتے ہیں کہ اگر سڑکوں کی تعمیر اور مرمت کیلئے ٹیکس پہلے ہی ادا کیے جا رہے ہیں تو ہر بار اضافی ادائیگی کی کیا تک بنتی ہے' اور ان رقوم کے استعمال میں شفافیت کس حد تک موجود ہے؟

حکومت کا موقف ہوتا ہے کہ یہ محصولات قومی ترقی' قرضوں کی ادائیگی اور بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کیلئے ضروری ہیں۔ یہ دلیل اپنی جگہ لیکن عوام یہ بھی چاہتے ہیں کہ وصول کیے گئے محصولات کے استعمال کی واضح تفصیلات سامنے آئیں' غیر ضروری سرکاری اخراجات کم کیے جائیں اور ٹیکس کا بوجھ زیادہ منصفانہ انداز میں تقسیم کیا جائے۔ ایک صحتمند معیشت کی بنیاد صرف زیادہ ٹیکس وصول کرنے پر نہیں بلکہ عوام کے اعتماد پر بھی قائم ہوتی ہے۔ جب شہری محسوس کریں کہ ان کے دیے ہوئے ٹیکس کے بدلے بہتر سڑکیں' معیاری تعلیم' موثر صحت کی سہولتیں' محفوظ ماحول اور شفاف حکمرانی مل رہی ہے تو ٹیکس دینا ایک قومی ذمہ داری محسوس ہوتا ہے نہ کہ مجبوری۔ ہم دنیا کے اس ملک میں رہتے ہیں جہاں سرکاری سکول اور ہسپتال ٹھیکے پر چل رہے ہیں' جہاں بغیر کام کیے ٹھیکیداروں کو اور بغیر بجلی بنائے آئی پی پیز کو سالانہ اربوں روپے دے دیے جاتے ہیں۔ جہاں عوام کو مہنگی بجلی یہ کہہ کر بیچی جاتی ہے کہ بجلی کی کھپت زیادہ ہونے پر اخراجات زیادہ ہو رہے ہیں' لیکن اگر عوام بجلی گیس کم استعمال کریں تب بھی یہ کہہ کر زیادہ بل بھیجا جاتا ہے کہ کم استعمال سے کھپت کم ہونے پر اخراجات پورے نہیں ہو رہے۔ جب پٹرول کی قیمت بڑھانی ہو تو پچاس روپے تک بڑھا دی جاتی ہے اور جب کم کرنی ہو تو یہ پیسوں میں کم کی جاتی ہے۔ یعنی سرمایہ کاروں کو فائدہ فوری فراہم کیا جاتا ہے جبکہ عوام کو ریلیف دینے کیلئے انتظار کی سولی پر لٹکایا جاتا ہے۔

پاکستان کے وارث

کوئی اگر یہ سوچتا ہے نوجوانوں کے ذہنوں میں سوالات نہیں اُٹھ رہے وہ یا تو اُن سے دور ہے یا پھر کسی دیو مالائی دنیا میں رہتا ہے۔ مجھے چند روز پہلے یونیورسٹی کے نوجوان ملے، ایسے ہی کبھی کبھار ملنے چلے آتے ہیں۔ اُن میں سے ایک نے بہت اہم سوال پوچھا۔ اُس نے کہا بیس تیس سال پہلے جو لوگ پاکستان میں بہت اہم تھے وہ دنیا سے جا چکے ہیں اب یہ کہا جا رہا ہے وہ تو بڑے اچھے اور ماہر دیانتدار لوگ تھے، اُن کے جانے سے ایک خلاء پیدا ہوا جو آج تک ہم پُر نہیں کر سکے۔ یہی وجہ ہے ہمیں آج ہر شعبے میں ایک زوال نظر آتا ہے، کیا اس کا یہ مطلب نکالا جا سکتا ہے کہ اُس وقت کی پوتھ کو ایسے افراد کی موجودگی میں آگے آنے کا موقع نہیں دیا گیا جس کے باعث وہ اُن سے کچھ سیکھ نہ سکے، ایک اور طالب علم بولا سر یہ آج جو لوگ ہمارے رہنما ہیں، کل کلاں یہ بھی دنیا میں نہیں ہوں گے تو کیا ہمیں ایک بڑے افرادی بحران کا سامنا نہیں ہوگا؟ میں اُن کے سوالات کی گہرائی اور اُن میں چھپی شدت وتشویش کو سمجھ گیا۔ میں نے کہا آپ سب نوجوان ہیں اور آپ کی یہ تشویش بالکل جائز ہے کہ آپ لوگوں کو آگے آنے کا موقع نہیں دیا جا رہا، اس وقت جتنی اہم ترین پوسٹیں ہیں اُن پر سینئر ترین لوگ براجمان ہیں جنہوں نے عمر کا بڑا حصہ گذار لیا ہے اور اوسط عمر کے حساب سے انہیں زندگی کا پیمانہ لبریز ہونے کے عمل سے گذرنا ہے۔ ہونا تو یہ چاہئے کہ زندگی کے ہر شعبے میں نوجوانوں کو کم از کم پچاس فیصد ایسی پوسٹوں پر رکھا جائے کہ تجربے کی ایک منزل نوجوانوں میں بھی سرایت کرتی جائے، مگر ایسا ہوتا نہیں، ریٹائرڈ افراد کی تقریریاں سب سے بڑا ظلم ہے، نوجوانوں پر نہیں بلکہ اس ملک پر کہ اس کی مستقبل کی قیادت کو آگے نہیں آنے دیا جا رہا۔ کسی زمانے میں سنتے تھے کہ دنیا گلوبل ویلج ہے، اُس وقت تو یہ بات سمجھ نہیں آتی تھی اب اس ٹیکنالوجی کے دور میں یہ سب کچھ حقیقت بن چکا ہے۔ بھارت میں نوجوانوں نے حالیہ عرصے میں جو کچھ کیا اُس کی تپش تو ہر جگہ پہنچی ہے، جب پوتھ اکٹھی ہو جائے تو اُس کی طاقت سے کون انکار کر سکتا ہے۔ انڈیا کے نوجوانوں کو جب یقین ہو گیا کہ مودی سرکار اور اُس کے غاصبانہ سوچ رکھنے والے خواری نوجوانوں کو کیڑے مکوڑے سمجھتے ہیں تو انہوں نے خود کو پہلوان ثابت کرنے کی کوشش نہیں کی بلکہ مان گئے کہ ہاں ہم کاکروچ ہیں، زمین کے کیڑے ہیں لیکن متحد ہو جائیں تو خاک امراء کے

نسیم شاہد

در و بام ہلا دیتے ہیں، پھر انہوں نے ہلا بھی دیئے۔ یہ اچھا ہوا کہ مودی حکومت نے نوجوانوں کی طاقت کو مان لیا، اس سے نوجوانوں میں شعور بھی آئے گا اور مستقبل میں قیادت کا خلاء بھی پیدا نہیں ہو گا۔ تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو پاکستانی یوتھ نے کبھی بھی قوم کو مایوس نہیں کیا۔ اب مارشل لاؤں کی تاریخ اُٹھا کر دیکھیں تو اُن کے خلاف آواز اٹھانے والے اصل میں نوجوان ہی تھے، ابھی چند روز پہلے جماعت اسلامی کے جنرل سیکرٹری امیر العظیم دنیا سے رخصت ہوئے تو اُن کی زندگی کے کئی ادوار ایسے تھے جو انہوں نے آمروں کو للکارتے ہوئے گذارے۔ ضیاء الحق کے دور میں امیر العظیم ان کے لئے ایک بڑی مزاحمت بنے ہوئے تھے اور وہ نام لے کر کہتے تھے مزاحمت کرنے والا امیر العظیم ہو یا کوئی اور وہ کسی کو نہیں چھوڑیں گے۔ ایوب دور میں جو تحریک چلی اُس میں بھی نوجوان پیش پیش تھے۔ اس زمانے میں سب سے پہلی قربانی جودت کامران نے ملتان میں دی اور پولیس کی گولیوں کا نشانہ بنے۔ نئی نسل جمہوریت کی دیوانی ہے اور اس کے لئے قربانیوں سے تاریخ کے صفحات بھر چکی ہے یہ سارا قصور ہماری سیاسی جماعتوں کا ہے کہ وہ ان قربانیوں پر جمہوریت کی مستحکم عمارت تعمیر نہیں کر سکیں۔ انہوں نے اپنے چھوٹے چھوٹے مفادات کے لئے بڑے آدرشوں کو چھوڑ دیا۔ ضیاء الحق کے زمانے میں ایک سیاہ فیصلہ یہ ہوا کہ تعلیمی اداروں میں یونین سازی پر پابندی لگا دی گئی، اس کے برے اثرات اس طرح برآمد ہوئے کہ تعلیمی اداروں میں گروپ وگروہ بندی کا رجحان بڑھ گیا۔ نسلی تعصب پروان چڑھا اور نوجوانوں میں قیادت کے جو اُوصاف پیدا ہوتے تھے وہ چھوٹے چھوٹے گروہی وطبقاتی مفادات کی نذر ہو گئے، دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں طالب علموں کی یونین سازی کو اُن کی تربیت کا ایک بڑا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کی تو پہچان ہی یہی ہے کہ وہاں نوجوانوں کی قائدانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کے لئے انتخابات ہوتے ہیں اور دنیا کے کسی بھی ملک سے تعلق رکھنے والا آکسفورڈ یونیورسٹی کا طالب علم اپنی صلاحیتوں کی بنیاد پر اس عظیم تعلیمی ادارے کا صدر بن جاتا ہے اگر آپ دنیا کے بڑے سیاستدانوں اور حکمرانوں کی زندگی پر نظر ڈالیں تو اُن کے پس منظر میں طالب علمی کے زمانے کی سیاسی تربیت نظر آئے گی۔

اب اس دور کہ میں جب خطہ ہو یا دنیا، ہر واقعہ، ہر تحریک اور ہر تبدیلی پلک جھپکنے میں نوجوانوں تک پہنچ جاتی ہے، کیا ہم نوجوانوں کے ذہنوں کو اس بات میں اُلجھا سکتے ہیں کہ دیکھو ابھی تمہارا وقت نہیں آیا۔ تم اپنے آپ کو سماج کے معاملات، تاریخ کے نظریات اور مستقبل کے اندیشوں سے دور رکھو، بس اپنی دنیا میں مست رہو، ہاں یہ ان حالات میں تو ممکن ہو سکتا تھا کہ جب ملک میں خوشحالی کا دور دورہ ہو، جب بے روزگاری کا عفریت کاٹنے کو نہ دوڑتا ہو، جب ظلم وانصافی کی داستانیں قدم قدم پر منہ نہ چڑاتی ہوں اور جب اشرافیہ کی چیرہ دستیاں اِس قدر سفاک نہ ہوں کہ دم گھٹنے لگے، یہاں تو سب کچھ اُلٹ ہو رہا ہے ایسے میں اگر ہم پرانی نسل والے یہ توقع کرنے لگیں کہ اکیسویں صدی کی یہ یوتھ اپنی آنکھیں اور کان بند کر کے، اپنے ذہن کی کھڑکی پر تالے ڈال دے تو یہ پرلے درجے کی احمقانہ سوچ ہو گی۔ دانشمندی تو یہی ہے اس نوجوان نسل کو اپنے ساتھ لے کر چلا جائے، اسے وہ نسل نہ سمجھا جائے جسے مختلف چکمے دے کر بہلایا جاتا رہا، یہ نسل بولنا بھی جانتی ہے اور سوچتی بھی ہے۔ یہ ہماری نسل ہے اور اس ملک کے مستقبل کی وارث ہے اس پر مختلف لیبل لگانے کی بجائے سینے سے لگایا جائے۔ یہی وقت کا تقاضا ہے۔

انکل انکل اگلی لاٹھی کب مارو گے؟

وسعت اللہ خان

جنتر منتر نے نئی نسل کے ماتھے سے یہ داغ شائد دھو ڈالا ہے کہ بچے غیر سیاسی ہوتے ہیں، اپنے آپ میں مگن رہتے ہیں، نہ پڑھتے لکھتے ہیں، نہ دیکھتے سنتے ہیں، سوشل میڈیا کے ان اسیروں کو کیا معلوم سیاسی جدوجہد کیا بلا ہوتی ہے، نظریہ کس پرندے کا نام ہے اور اصولوں پر ڈٹے رہنے کی قیمت کیا ہے۔ ایسے تمام مفروضوں کا جیسا کرارا جواب ان بچوں نے اپنی پینتیس روزہ تحریک میں دیا اس کے بعد ہم جیسے افلاطونی بڈھوں کو گویا چپی سی لگ گئی، ساری دانش دھری کی دھری رہ گئی ہے۔

اس تحریک سے جو بنیادی سبق حاصل ہوا وہ شائد کسی بھی آمر کی سمجھ میں فوری طور پر نہ آئے اور سبق یہ ہے کہ جب تم کسی طبقے کی اجتماعی توہین کرتے ہو اور اس سے حقارت برتتے ہو تو ایک دن خود بھی ایسی ہی توہین اور حقارت برداشت کرنے کے لیے تیار رہو۔

ان بچوں کی کوئی مرکزی قیادت نہیں تھی بلکہ مستقبل کی بے یقینی ہی انھیں فیصلہ کن قدم اٹھانے پر مجبور کر رہی تھی۔ راتوں رات انٹرنیٹ پر تشکیل پانے والی کاکروچ جنتا پارٹی کی خود رو قیادت نے بس ایک علامتی پلیٹ فارم فراہم کر دیا۔ ان میں سے کسی کو نہیں معلوم تھا کہ وہ جس راہ پر چل نکلے ہیں وہ کہاں تلک لے جائے گی۔ جس کے ہاتھ گنّا آیا اس نے اس گنّے پر من کی بات لکھ دی، جس کے ذہن میں کوئی نیا نعرہ آیا اس نے کھڑے کھڑے وہیں لگا دیا۔ کسی نے گا کر تو کسی نے تھالی بجا کر دل کی بھڑاس نکالی۔

ان ہزاروں بچوں میں سے کسی نے بھی نام نہاد قومی میڈیا کے کیمرے دیکھ کر وکٹری کا نشان نہیں بنایا بلکہ یہ سب دوغلے میڈیا سے انتہائی بیزار نظر آئے اور اپنا میڈیا خود بن گئے۔ بظاہر وزیرِ تعلیم نشانہ تھے مگر سب جانتے تھے کہ یہ وزیر تو وہ روبوٹ ہیں جن کا ریموٹ صرف وزیرِ اعظم کے ہاتھ میں ہے۔ لہٰذا جتنے بھی نعرے لگ رہے تھے یا پلے کارڈ اٹھ رہے تھے۔ نوے فیصد کا نشانہ مودی کی ذات تھی۔ وہ مودی جس کی ناقابلِ تسخیر شخصیت کا سحر بہت محنت اور احتیاط سے پیے، میڈیا اور ٹرول بریگیڈز کے اشتراک سے پچھلے دس برس میں گھڑا گیا تھا۔ یعنی مودی کبھی غلط نہیں ہو سکتا، مودی مقبول ترین لیڈر تھا اور رہے گا، مودی ہے تو ممکن ہے، مودی ہی بھارت کو دشوگرو بنائے گا۔ مودی سیاسی بٹوں کے درمیان واحد قدآور ہے وغیرہ وغیرہ۔

مگر مشکل یہ ہے کہ آج کل کے مست مگن بچوں کو یہ سب معلوم نہیں۔ انھیں تو بس یہ پتہ ہے کہ سسٹم کل سڑ رہا ہے اور وہ کچھ بھی کر لیں ان کی میرٹ پر ڈاکہ ڈال کر

وسعت اللہ خان

انھیں گرا کر آگے بڑھنے والوں کا راج مضبوط تر ہو رہا ہے اور یہ سب کرنے والے خود کو خدا سمجھ رہے ہیں۔ چنانچہ ان غیر سنجیدہ بچوں نے مودی اینڈ کمپنی کو اپنے طنز اور غصے کی انی پر رکھ کے اچھال دیا۔

کوئی بھی ریاست وحکومت اکیسویں صدی کے بچوں کی نفسیات اب تک نہیں سمجھ پائی۔ لہٰذا لکیر کی فقیر ریاست نے حسبِ معمول ان بچوں کو تتر بتر کرنے، دبانے اور خوفزدہ رکھنے کے لیے انہی فرسودہ نوآبادیاتی ہتھکنڈوں کا سہارا لیا جو ان بچوں کے باپ دادا پر کارگر ہوتے تھے۔

ممکن ہے، مودی ہی بھارت کو دشوگرو بنائے گا۔ مودی سیاسی بٹوں کے درمیان واحد قدآور ہے وغیرہ وغیرہ۔

مگر مشکل یہ ہے کہ آج کل کے مست مگن بچوں کو یہ سب معلوم نہیں۔ انھیں تو بس یہ پتہ ہے کہ سسٹم کل سڑ رہا ہے اور وہ کچھ بھی کر لیں ان کی میرٹ پر ڈاکہ ڈال کر

نسیم شاہد

دروبام ہلا دیتے ہیں، پھر انہوں نے ہلا بھی دیئے۔ یہ اچھا ہوا کہ مودی حکومت نے نوجوانوں کی طاقت کو مان لیا، اس سے نوجوانوں میں شعور بھی آئے گا اور مستقبل میں قیادت کا خلاء بھی پیدا نہیں ہو گا۔ تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو پاکستانی یوتھ نے کبھی بھی قوم کو مایوس نہیں کیا۔ اب مارشل لاؤں کی تاریخ اُٹھا کر دیکھیں تو اُن کے خلاف آواز اٹھانے والے اصل میں نوجوان ہی تھے، ابھی چند روز پہلے جماعت اسلامی کے جنرل سیکرٹری امیر العظیم دنیا سے رخصت ہوئے تو اُن کی زندگی کے کئی ادوار ایسے تھے جو انہوں نے آمروں کو للکارتے ہوئے گذارے۔ ضیاء الحق کے دور میں امیر العظیم ان کے لئے ایک بڑی مزاحمت بنے ہوئے تھے اور وہ نام لے کر کہتے تھے مزاحمت کرنے والا امیر العظیم ہو یا کوئی اور وہ کسی کو نہیں چھوڑیں گے۔ ایوب دور میں جو تحریک چلی اُس میں بھی نوجوان پیش پیش تھے۔ اس زمانے میں سب سے پہلی قربانی جودت کامران نے ملتان میں دی اور پولیس کی گولیوں کا نشانہ بنے۔ نئی نسل جمہوریت کی دیوانی ہے اور اس کے لئے قربانیوں سے تاریخ کے صفحات بھر چکی ہے یہ سارا قصور ہماری سیاسی جماعتوں کا ہے کہ وہ ان قربانیوں پر جمہوریت کی مستحکم عمارت تعمیر نہیں کر سکیں۔ انہوں نے اپنے چھوٹے چھوٹے مفادات کے لئے بڑے آدرشوں کو چھوڑ دیا۔ ضیاء الحق کے زمانے میں ایک سیاہ فیصلہ یہ ہوا کہ تعلیمی اداروں میں یونین سازی پر پابندی لگا دی گئی، اس کے برے اثرات اس طرح برآمد ہوئے کہ تعلیمی اداروں میں گروپ وگروہ بندی کا رجحان بڑھ گیا۔ نسلی تعصب پروان چڑھا اور نوجوانوں میں قیادت کے جو اُوصاف پیدا ہوتے تھے وہ چھوٹے چھوٹے گروہی وطبقاتی مفادات کی نذر ہو گئے، دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں طالب علموں کی یونین سازی کو اُن کی تربیت کا ایک بڑا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کی تو پہچان ہی یہی ہے کہ وہاں نوجوانوں کی قائدانہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کے لئے انتخابات ہوتے ہیں اور دنیا کے کسی بھی ملک سے تعلق رکھنے والا آکسفورڈ یونیورسٹی کا طالب علم اپنی صلاحیتوں کی بنیاد پر اس عظیم تعلیمی ادارے کا صدر بن جاتا ہے اگر آپ دنیا کے بڑے سیاستدانوں اور حکمرانوں کی زندگی پر نظر ڈالیں تو اُن کے پس منظر میں طالب علمی کے زمانے کی سیاسی تربیت نظر آئے گی۔

اب اس دور کہ میں جب خطہ ہو یا دنیا، ہر واقعہ، ہر تحریک اور ہر تبدیلی پلک جھپکنے میں نوجوانوں تک پہنچ جاتی ہے، کیا ہم نوجوانوں کے ذہنوں کو اس بات میں اُلجھا سکتے ہیں کہ دیکھو ابھی تمہارا وقت نہیں آیا۔ تم اپنے آپ کو سماج کے معاملات، تاریخ کے نظریات اور مستقبل کے اندیشوں سے دور رکھو، بس اپنی دنیا میں مست رہو، ہاں یہ ان حالات میں تو ممکن ہو سکتا تھا کہ جب ملک میں خوشحالی کا دور دورہ ہو، جب بے روزگاری کا عفریت کاٹنے کو نہ دوڑتا ہو، جب ظلم وانصافی کی داستانیں قدم قدم پر منہ نہ چڑاتی ہوں اور جب اشرافیہ کی چیرہ دستیاں اِس قدر سفاک نہ ہوں کہ دم گھٹنے لگے، یہاں تو سب کچھ اُلٹ ہو رہا ہے ایسے میں اگر ہم پرانی نسل والے یہ توقع کرنے لگیں کہ اکیسویں صدی کی یہ یوتھ اپنی آنکھیں اور کان بند کر کے، اپنے ذہن کی کھڑکی پر تالے ڈال دے تو یہ پرلے درجے کی احمقانہ سوچ ہو گی۔ دانشمندی تو یہی ہے اس نوجوان نسل کو اپنے ساتھ لے کر چلا جائے، اسے وہ نسل نہ سمجھا جائے جسے مختلف چکمے دے کر بہلایا جاتا رہا، یہ نسل بولنا بھی جانتی ہے اور سوچتی بھی ہے۔ یہ ہماری نسل ہے اور اس ملک کے مستقبل کی وارث ہے اس پر مختلف لیبل لگانے کی بجائے سینے سے لگایا جائے۔ یہی وقت کا تقاضا ہے۔

کہاں جا رہے ہیں۔ جنتر منتر محض ہجوم نہیں تھا بلکہ ایسے ہم خیالوں کا مجمع تھا جو ایک دوسرے سے پہلی بار ملنے کے باوجود ایک دوسرے کی نفسیات اور خواب خوب اچھے سے جانتا تھا۔ یہی اس مجمع کی بنیادی قوت تھی۔

اس صورتِ حال کا غلط اندازہ لگانے کے بارے میں حکومت بے چاری کا بھی کوئی قصور نہیں۔ سچی بات تو یہ ہے کہ اس نے گذشتہ دس برس میں کبھی منہ کی کھائی ہی نہیں۔ ہندو توا کی چھتری تلے اکثریت اور اقلیت کے درمیان سماجی وسیاسی دراڑ پیدا کر کے اپنا ہندو ووٹ بینک مستحکم کرنے میں بظاہر کامیابی حاصل کی۔ الیکشن انجینیرنگ اور جوڑ توڑ میں مہارت کا زبردست مظاہرہ کیا۔ ہر ریاستی ادارے پر بظاہر بھگتوں کا تسلط ہو گیا۔ عدلیہ ایک آزاد ادارے سے سرکار کے طفیلی میں بدلتی چلی گئی۔ دلی میں پچھلی ایک دہائی میں جتنے بھی دھرنے ہوئے بھلے وہ شاہین باغ کا دھرنا ہو یا کسانوں کی تحریک۔ سب سے کامیابی سے نپٹ لیا گیا۔ کامیابیوں کے نشے میں چور کسی ہاتھی کو بھلا کیسے معلوم ہو کہ بروقت پڑنے پر اسے بے بس کرنے کے لیے ایک چیونٹی بھی کافی ہوتی ہے۔

حکومت کے تصور میں ہی نہیں تھا کہ کوئی نسل ایسی بھی نمودار ہو سکتی ہے جو پولیس سے خود پوچھے انکل اگلا لاٹھی چارج کب کرو گے، انکل آنسو گیس کا ایک گولا اور چلاؤ نا۔ انکل مزہ نہیں آ رہا دو چار لاٹھیاں اور مارو۔ ایسے ماحول میں روایتی تشدد کی عادی انتظامیہ بھی بے چاری کیا کرے۔ اس کی تو سمجھ میں ہی نہیں آیا کہ ان کاکروچوں سے نپٹنے کے لیے کیا نیا اسپرے استعمال کرے کہ جنہوں نے پورے سسٹم کو ہی مذاق بنا کے رکھ دیا۔

یہ مناظر اور تجربات ان تمام حکمرانوں کے لیے عقل کی نشانیاں لیے ہوئے ہیں جو خود کو عقلِ کل سمجھتے ہوئے اس زعم میں مبتلا ہیں کہ ہم سے بہتر اس ملک وقوم کے لیے کوئی نہیں جانتا اور جو ہماری مخالفت کرے گا دراصل ریاست کی مخالفت کرے گا اور ریاست کی مخالفت کی تو ایک ہی سزا ہے یعنی...

جمہوریزے کھل کے بتا دیا ہے کہ ریاست مستقل ہے اور حکومت آنی جانی۔

☆☆☆

بقیہ 1

جانب سے جاری کیے گئے ہنگامی الرٹ میں تمام اضلاع کے پولیس افسران اور اہلکاروں کو فوری طور پر اپنی اپنی جائے تعیناتی پر پہنچنے، حساس تنصیبات کی حفاظت مزید سخت کرنے اور کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل تیاری رکھنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں ڈرائنگ کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سیکیورٹی اقدامات غیر معمولی حد تک بڑھا دیے گئے ہیں۔ شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر چیکنگ کا عمل سخت کر دیا گیا ہے جبکہ اہم شاہراہوں، حساس مقامات اور سرکاری عمارتوں کے اطراف پولیس اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی اضافی نفری تعینات کر دی گئی ہے ہنگامی الرٹ کے مطابق بلوچستان صوبائی اسمبلی، بلوچستان سول سیکرٹریٹ، وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ، گورنر ہاؤس، آئی جی پولیس بلوچستان آفس، سی سی پی او آفس، پولیس ہیڈ کوارٹر، ایف سی ہیڈ کوارٹر، اے ٹی ایف، سی ٹی ڈی دفاتر، ایئرپورٹ، سیکیورٹی ونگ، ریڈ زون، حساس سرکاری دفاتر، عدالتوں، سرکاری تنصیبات

بقیہ 1

صورتحال سے آگاہ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ ذرائع سے معلومات لینے پر انہیں بتایا گیا کہ عمران خان کو ہسپتال منتقل کرنے یا ان کی صحت بگڑنے کی خبریں درست نہیں ہیں

بقیہ 6

جمالی کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کر کے ان سے ملاقات کی ملاقات کے دوران گل میر جمالی نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کو اپنی زندگی کا یادگار لمحہ قرار دیتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور اپنی روایتی انداز میں محبت بھرے گیت پیش کیے۔ فنکار نے وزیراعلیٰ کی موجودگی میں گانا بھی سنایا جسے میر سرفراز بگٹی نے سراہتے ہوئے ان کی فنکارانہ صلاحیتوں کی تعریف کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے لوک فنکار صوبے کی ثقافت، روایات اور مثبت تشخص کے حقیقی سفیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی فن اور فنکاروں کی حوصلہ افزائی حکومت کی ذمہ داری ہے

بقیہ 7

خوارجیوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور جرات کو سراہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں نے بروقت کارروائیاں کر کے خوارجیوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا اور مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں قیام امن کیلئے سیکیورٹی فورسز پرعزم ہیں، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خاتمے تک انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 8

کے درمیان تصادم، ہاتھاپائی، پتھراؤ اور مبینہ ہوائی فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں تین افراد زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق پارٹی اجلاس کے بعد ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور مصطفیٰ کمال سے منسوب گروپوں کے کارکن آمنے سامنے آگئے۔ تلخ کلامی کے بعد صورتحال کشیدہ ہوگئی اور دونوں جانب سے نعرے بازی، ہاتھاپائی اور پتھراؤ کیا گیا، جبکہ مبینہ ہوائی فائرنگ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اجلاس کے بعد اختلافات پیدا ہوئے، جس دوران ایم پی اے اعجاز الحق اور رہنما ذاکر کے ساتھ دوسرے گروپ کے کارکنوں نے ہاتھا پائی کی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ رکن سندھ اسمبلی منگلا شرما اور سبین غوری کے ساتھ بھی بدتمیزی کی گئی۔ دوسری جانب ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما امین الحق نے الزام عائد کیا کہ دوسرے گروپ کی جانب سے شدید ہوائی فائرنگ کی گئی، جس سے ان کا ایک کارکن زخمی ہوا، جبکہ پتھراؤ کے نتیجے میں بھی متعدد کارکن زخمی ہوئے۔ انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ پارٹی دفتر میں توڑ پھوڑ کی گئی اور وہاں نصب ڈی وی آر بھی ساتھ لے جایا گیا۔ امین الحق نے کہا کہ کارکنوں کو بہادر آباد مرکز سے متصل پارک میں جمع ہونے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 9

ادارے کے مطابق انہوں نے کہا کہ جنگ کی صورتحال کے باوجود ایران میں انتظامیہ نے کسی چیز کی کمی نہیں ہونے دی۔ محمد رضا عارف نے کہا کہ ایران آئندہ 2 برسوں تک بدترین صورتحال کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 10

کے مطابق ایک خاتون دھماکا خیز مواد کیفے لائی تھی، جہاں گارڈ نے اسے روکنے کی کوشش کی تو دھماکا ہوگیا۔ روسی میڈیا کے مطابق دھماکا خیز مواد کیفے لانے والی خاتون کی شناخت سامنے نہیں آئی۔ ہلاک افراد میں دھماکا خیز مواد لانے والی نامعلوم خاتون، سیکیورٹی گارڈ اور کیفے میں موجود ایک شخص مارے گئے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق دھماکے کے وقت کیفے میں ظہرانے کی تقریب جاری تھی۔

بقیہ 11

کو اغوا کرنے کی کوشش کی ملزم سے مذاحمت کر کے اسلحہ چھین لیا ملزمان کے ساتھی کی فائرنگ سے اس کا بھائی شدید زخمی ہوگیا فائرنگ کے دوران ایک حملہ آور ہلاک ہو گیا ملزمان جاتے ہوئے موٹر سائیکل اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہوگئے واقع کے متعلقہ تھانہ حکام کو اطلاع دے دی گئی ذرائع کے مطابق گزشتہ شب بلوچستان کے علاقے آوران میں نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ کے پھوپھی زاد بھائی حاجی عبدالغفور کے گھر پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کر دیا اور انکے بیٹے عابد کو اسلحہ کے زور پر اغواء کر نے کی کوشش کی جس پر انہوں نے مذاحمت کرتے ہوئے حملہ آور سے اسلحہ چھین لیا اور حملہ آور کے ساتھی نے فائرنگ کر دی جس سے اس کا بھائی شدید زخمی ہوگیا فائرنگ کے دوران ایک حملہ آور بھی مارا گیا اور ملزمان رات کی تاریکی میں ایک موٹر سائیکل اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہوگئے واقع کی اطلاع متعلقہ پولیس انتظامیہ اور سیکیورٹی فورسز کے حکام کو دے دی گئی زخمی کو شدید تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا پارٹی کے بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر مرکزی رہنما میر راحمت صالح بلوچ نے واقع کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور سیکورٹی فورسز واقع کا سنجیدگی سے نوٹس لیتے ہوئے واقع میں ملوث ملزمان کا سراغ لگا کر انہیں گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنا کر پرامن بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنایا جائے۔

بقیہ 12

جاتا رہا حالانکہ اس بات کا واضح خطرہ موجود تھا کہ یہ ہتھیار غزہ میں فلسطینیوں کے خلاف جاری کارروائیوں میں استعمال ہوسکتے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بھارت نے اسرائیلی دفاعی شعبے کے ساتھ قریبی اور منافع بخش شراکت داری قائم کر لی ہے اور اب وہ ان سپلائی چینز کا ایک اہم حصہ بن چکا ہے جو اسرائیل کی فوجی کارروائیوں کو سہارا دیتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایمنسٹی کے تحقیق کاروں نے 7 اکتوبر 2023 کے بعد بھارت سے اسرائیل بھیجی جانے والی 2 ہزار 596 شپمنٹس کا تجزیہ کیا جن میں اسلحہ، گولہ بارود، پرزہ جات اور دیگر چیزیں شامل تھے۔

بقیہ 13

وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے اظہار مذمت کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سوات میں کیل پولیس اسٹیشن کے مرکزی گیٹ پر اتوار کی شام اس وقت خودکش دھماکہ کیا گیا جب تھانے کے قریب کیل چوک میں اولسی پاسون کی جانب سے امن کے لئے مظاہرہ کیا جارہا تھا۔ آر پی او ملاکنڈ ڈویژن سید فدا حسن شاہ کے مطابق دھماکے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 13 افراد شہید ہوئے ہیں جبکہ 14 پولیس اہلکاروں سمیت 20 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ ریجنل پولیس آفیسر ملاکنڈ ڈویژن سید فدا حسن شاہ نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ خودکش حملہ آور پولیس کپاہٹ میں داخل ہونے کی کوشش کر رہا تھا تاہم ڈیوٹی پر تعینات پولیس جوانوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے اسے مرکزی گیٹ پر ہی روک لیا۔ اس دوران خودکش حملہ آور نے خود کو دھماکے سے اڑا لیا، جس سے زوردار دھماکہ ہوا۔ آر پی او کے مطابق کپاہٹ میں کیل پولیس اسٹیشن، پولیس لائن کیل، سہولت مرکز اور دیگر اہم سرکاری دفاتر قائم ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ حملے میں شہید ہونے والوں میں 5 پولیس اہلکار اور 8 شہری شامل ہیں، زخمیوں کو فوری طور پر قریبی ہسپتالوں کیل اور سیدو شریف ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا، جہاں بعض کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ واقعے کے بعد پولیس، بم ڈسپوزل یونٹ، ریسکو 1122 اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں نے جائے وقوعہ کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے، جبکہ علاقے میں سیکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔ حملے کی تحقیقات مختلف پہلوؤں سے جاری ہیں اور پولیس نے ملزمان اور ان کے سہولت کاروں تک پہنچنے کے لیے کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ دوسری جانب شہدا کی میتیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کرنے کے بعد ضروری قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ دریں اثناء، سوات میں کیل تھانے کے باہر ہونے والے دھماکے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور اور دیگر حکام نے اظہار مذمت کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تھانہ کیل کے قریب خودکش حملے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کیا اور شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بہادر پولیس جوانوں نے جان دے کر خودکش بمبار کو تھانے کے اندر جانے سے روکا اور اپنی زندگیاں قربان کر کے دوسروں کی زندگیاں بچانے والے پولیس اہلکاروں نے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے

بقیہ 14

لئے 7 نکاتی تجاویز پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان اصلاحات واقدامات کی جانب بڑھے بغیر سسٹم کو ری سیٹ کرنے، گڈ گورننس، ملکی ترقی، استحکام اور قومی اتحاد کی خواہشات بے نتیجہ اور خواب وخیال ہی رہیں گی، چھوٹے صوبوں کا قیام اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے اقدامات مناسب اور ترقی پسند تجاویز ہیں لیکن ہمارا سب سے بڑا مسئلہ یہ نہیں ہے، ہمارے سب سے بڑے مسئلے آئین اور قانون کی حکمرانی سے مسلسل روگردانی، مطلق العنان حکمرانی، معاشی ناہمواری، سماجی انصاف کی عدم فراہمی، سیاسی حقوق کی عدم دستیابی، ہر سو پھیلتی کرپشن اور بڑھتی ہوئی دہشتگردی ہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے تفصیلی بیان میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ بہت سی مثبت تبدیلیوں کے باوجود پاکستان کے ریاستی نظام سے اب تک برطانوی استعماری نظام کی بدبو کے بھبکے اٹھتے رہتے ہیں۔ 1973 کے متفقہ آئین نے بہت سے سوالات کا جواب دیا اور بیشتر ریاستی معاملات کی پیچیدگیوں کو حل کیا، ریاست اور عوام کے ایک دوسرے کے بارے میں فرائض اور حقوق کا راستہ متعین کیا، لیکن آئین بنانے والی سیاسی جماعتوں کی اکثریت سمیت عدلیہ اور مارشل لگانے والوں نے آئین کو بے وقعت بنانے، اس کی من چاہی تشریح کرنے اور اس سے سنگین روگردانی کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، بار بار پاکستان کو سرزمین بے آئین بنایا گیا اور متعدد بار شخصی یا گروہی مفادات کیلئے آئین میں تحریف کی گئی۔ اس کا ریکارڈ ہی سب سے بڑھ چڑھ کر حصہ ڈالا لیکن نظریہ ضرورت والی عدلیہ اور مارشل لاء کو تمام مسائل کا حل سمجھنے والی اسٹیبلشمنٹ پہلے نمبر پر رہیں۔ تمام تر قربانیوں، کوششوں اور جدوجہد کے باوجود پاکستان میں آئین کی حکمرانی قائم نہیں کی جاسکی۔ پاکستان کی بظاہر جمہوری سیاسی جماعتوں کی جمہوریت بیزاری، عمومی ڈنگ ٹپاؤ پالیسیاں اور ووٹ لینے کیلئے شارٹ ٹرم نایا پائیدار منصوبے بھی ایک زندہ حقیقت ہیں جس سے اغماض ممکن نہیں

بقیہ 15

کے لیے تیار ہیں جو ماضی میں دیگر انتظامیہ نے نہیں کی۔ امریکی ٹی وی کے مطابق اپنے بیان میں مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ وہ نہیں سمجھتے کہ ایران نے آج تک ڈونلڈ ٹرمپ جیسے صدر کا سامنا کیا ہے۔ ایران اب انجام کے بغیر مذاکرات کی توقع نہ رکھے۔ امریکی وزیر خارجہ نے صدر ٹرمپ کی بات دہراتے ہوئے الزام لگایا کہ ایران عشروں سے جھوٹ بول رہا ہے، ڈیل توڑ رہا ہے اور لوگوں کو معاہدے کرنے کے فریب میں الجھا رہا ہے۔

بقیہ 16

نے سعودی اور ترک وزرائے خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ اس موقع پر عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دینے کے لیے تیار ہے، امریکا کی کسی بھی مہم جوئی پر سخت ردعمل دیا جائے گا۔ بعدازاں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ انہوں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر سے بھی فون پر گفتگو کی ہے۔

بقیہ 17

ٹرمپ نے کہا کہ اگر تیزی سے معاہدہ ممکن ہوا تو حملہ نہیں کیا جائے گا جبکہ اسرائیل بھی اس مقف میں امریکا کے ساتھ ہے۔ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران اور مشرق وسطیٰ کے بعض دیگر ممالک نے امریکا سے حملہ روکنے کی درخواست کی ہے۔ ٹرمپ کے مطابق مجوزہ معاہدے میں آئندہ ہر مزکو فوری، مکمل اور مستقل طور پر کھولنا اور ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق خدشات کا خاتمہ شامل ہے۔ ادھر ایرانی خبر رساں ایجنسی نے فوجی حکام کے حوالے سے رپورٹ کیا کہ صدر ٹرمپ کا بیان بے بنیاد ہے اور اس میں کوئی صداقت نہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایرانی فوجی حکام نے کہا کہ امریکا سے حملے روکنے کی کوئی درخواست نہیں کی گئی اور اس حوالے سے سامنے آنے والے دعوے کو انہوں نے ایک نیا جھوٹ قرار دیا۔ ایرانی حکام کا کہنا تھا کہ ملک کی مسلح افواج مکمل طور پر چوکس ہیں اور کسی بھی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ حکام کے مطابق ایران کی دفاعی فورسز کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے اور اگر کسی قسم کی جارحیت کی گئی تو اس کا مناسب جواب دیا جائے گا۔ جبکہ ایک انٹرویو میں مارکو روبیو نے کہا کہ امریکی حملوں سے ایران کی بحری اور فضائی صلاحیتوں، میزائل دفاعی نظام، میزائل لانچنگ تنصیبات اور اسلحہ سازی کے بعض مراکز کو نقصان پہنچا

بقیہ 18

ٹرمپ نے کئی مواقع پر ایران کے خلاف سخت بیانات اور دھمکیاں دیں، تاہم بعد میں ان پر مکمل عمل درآمد نہیں کیا۔ ریپورٹس کے مطابق 21 مارچ کو صدر ٹرمپ نے دھمکی دی تھی کہ اگر ایران نے آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر نہ کھولا تو ایران کے بجلی گھروں کو تباہ کر دیا جائے گا۔ بعدازاں اس معاملے پر دی گئی ڈیڈ لائن میں پہلے پانچ دن اور پھر مزید ایک ہفتے کی توسیع کر دی گئی۔ یکم اپریل کو ٹرمپ نے ایران کو خبردار کیا تھا کہ اگر اس نے آبنائے ہرمز کے معاملے پر اپنا مقف تبدیل نہ کیا تو امریکا انتہائی سخت فوجی کارروائی کرے گا۔ تاہم اس بیان کے بعد فوری طور پر کوئی بڑا فوجی اقدام سامنے نہیں آیا۔ چند روز بعد انہوں نے سوشل میڈیا پر ایران کے خلاف ایک سخت لہجے میں پیغام بھی جاری کیا۔ 7 اپریل کو امریکی صدر نے ایک اور سخت بیان دیا، جس پر عالمی سطح پر شدید ردعمل سامنے آیا اور بعض انسانی حقوق کی تنظیموں نے اس بیان پر تشویش ظاہر کی۔ بعدازاں اگلے ہی روز پاکستان کی سفارتی کوششوں کے بعد دونوں فریقوں کے درمیان عارضی جنگ بندی کا اعلان کیا گیا۔ 4 مئی کو ٹرمپ نے آپریشن پروجیکٹ فریڈم کا اعلان کیا، جس کا مقصد آبنائے ہرمز میں پھنسے بحری جہازوں کو تحفظ فراہم کرنا بتایا گیا۔ تاہم صرف دو روز بعد انہوں نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر کہا کہ اس کارروائی کو عارضی طور پر روک دیا گیا ہے تاکہ مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لیا جاسکے۔ 11 جون کو بھی صدر ٹرمپ نے ایران کے خلاف سخت فوجی کارروائی، اہم تیل تنصیبات پر کنٹرول اور دیگر اقدامات کی دھمکی دی، لیکن چند گھنٹوں بعد انہوں نے مقف تبدیل کرتے ہوئے کہا کہ امریکا ایران کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ بات چیت کر رہا ہے، اس لیے سفارتی راستہ اختیار کیا جارہا ہے

بقیہ 19

شینگل کے خاندان سے کیے گئے وعدے کو عملی جامہ پہنا دیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید ملک شینگل کے فرزند جنید خان اور بھائی ملک اجمل خان کو محکمہ زراعت میں تعیناتی کے احکامات جاری کرتے ہوئے تقرری کے آرڈرز ان کے حوالے کر دیے اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں قوم کا عظیم سرمایہ ہیں اور ان کے اہل خانہ کی عزت، کفالت اور بحالی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان شہداء کے خاندانوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی اور ان کی ہر ممکن معاونت جاری رکھی جائے گی شہید ملک شینگل کے اہل خانہ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے کہا جو کہا وہ کر دکھایا ہے

بقیہ 20

کو ملک بھر میں یوم سیاہ منایا جائے گا اور تحریک انصاف کی جانب سے ملک گیر پرامن احتجاج کیا جائے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے آئینی اور جمہوری حقوق استعمال کرتے ہوئے احتجاج میں بھرپور شرکت کریں۔ اتوار کو جاری بیان میں بیرسٹر سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ عمران خان کی قید تین سال مکمل ہونے پر ملک بھر میں پرامن احتجاج کے ذریعے عوام اپنے مؤقف کا اظہار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی جدوجہد آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کے دائرے میں جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان کے مطابق عمران خان کی قید ناانصافی اور عوامی مینڈیٹ پر حملوں کی علامت بن چکی ہے۔ ان کا دعویٰ تھا کہ 8 فروری 2024 کے عام انتخابات میں عوام نے تحریک انصاف کے حق میں فیصلہ دیا، تاہم فارم 47 کے ذریعے عوامی مینڈیٹ کو تبدیل کیا گیا۔ بیرسٹر سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ جمہوریت، آئین، عدلیہ کی آزادی اور عوام کے ووٹ کو نقصان پہنچانے والوں کو عوام کے سامنے جوابدہ ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے بنیادی حقوق سلب کرنے کی سوچ زیادہ دیر برقرار نہیں رہ سکتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا آئین شہریوں کو بنیادی حقوق فراہم کرتا ہے

بقیہ 21

9 اور مہاجرین کی 12 نشستوں کے لیے پولنگ کا عمل صبح 8 بجے شروع ہوا جو شام 5 بجے تک جاری رہنا تھا تاہم الیکشن کمیشن نے پولنگ کا عمل ایک گھنٹہ بڑھایا۔ الیکشن کمیشن آزاد کشمیر نے مظفر آباد ڈویژن میں پولنگ شام 6 بجے تک جاری رہنے کا بتایا، مظفر آباد ڈویژن کے ووٹرز نے شام 6 بجے تک اپنا حق رائے دہی استعمال کیا، ووٹرز کی زیادہ تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے پولنگ کے وقت میں ایک گھنٹے کی توسیع کی گئی۔ عملہ نہ پہنچنے پر مظفر آباد ڈویژن کے حلقہ ایل اے 27 کے تمام 196 پولنگ اسٹیشنوں پر انتخابات ملتوی کر دیے گئے، موسم کی خرابی اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث پولنگ کا سامان نہیں پہنچ سکا۔ پولیس کے مطابق وادی نیلم، آزاد کشمیر میں ووٹ ڈال کر واپس آنیوالی گاڑی بجلی کی تار سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں کرنٹ لگنے سے 8 افراد زخمی ہوگئے، زخمیوں میں 7 خواتین اور ایک ڈرائیور شامل ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ میونسپل کمیٹی الشمقام کے وارڈ لالہ میں پیش آیا، تمام زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال الشمقام منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر جسٹس (ر) غلام مصطفیٰ مغل نے مظفر آباد میں پولنگ اسٹیشن کا دورہ کیا اور اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسی کے دباؤ میں کام نہیں کریں گے

بقیہ 22

مطابق اتوار کو ہنہ اوڈک کے علاقے ولی تنگی میں دو اردو کے مقام پر پارودی سرنگ کا دھماکا ہوا جس کی زد میں آکر مقامی موٹر سائیکل سوار ریاض نامی شخص جاں بحق ہوگیا۔ واقعہ کے بعد سیکورٹی فورسز نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا اور واقعہ سے متعلق تحقیقات شروع کر دی بعدازاں ہنہ اوڈک کے مقامی قبائل اور رہائشیوں نے ہنہ تھانے کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے دھرنا دے دیا ہنہ اوڈک کے قبائلی رہنما آصف کاکڑ نے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ ان کو مطالبہ ہے کہ علاقے کو دہشتگردوں سے پاک کر کے پرامن بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہنہ اوڈک کے مقامی عمائدین کی کمیٹی کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا دوسری جانب دھرنا رات گئے تک جاری رہا

بقیہ 23

کے مختلف حصوں سمیت سرکاری ریکارڈ کو آگ لگا دی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حملے کے دوران شہر کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز اور مسلح افراد کے درمیان شدید فائرنگ اور جھڑپوں کی اطلاعات بھی موصول ہوئیں، جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے فوری طور پر شہر کے مختلف داخلی و خارجی راستوں اور حساس مقامات پر کلیئرنس آپریشن شروع کیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے بعد صورتحال قابو میں ہے، تاہم علاقے میں سرچ اور کلیئرنس سرگرمیاں جاری ہیں تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جاسکے۔ دوسری جانب، فائرنگ اور دھماکوں کی زد میں آکر خاران کے شیلگ علاقے میں رہائشی محبوب احمد مینگنوئی کے گھر کی خواتین اور بچے زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ایم ایس ڈاکٹر مشتاق منہم نوشیروانی اور طبی عملہ انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کر رہا ہے۔ مزید اطلاعات کے مطابق حملہ آوروں نے سٹی پولیس تھانے کے بعد انسداد دہشت گردی محکمہ (سی ٹی ڈی) کے تھانے کو بھی نشانہ بنایا، جہاں عمارت کو شدید نقصان پہنچا اور اسے آگ لگا دی گئی۔ ذرائع کے مطابق تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہنے والی فائرنگ اور دھماکوں کا سلسلہ جاری رہا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ صورتحال اب قابو میں ہے، جبکہ علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 24

میں کہا کہ امریکہ ایران پر غیر معمولی فوجی طاقت کے ساتھ حملہ کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار اور مسلح تھا۔ ان کے مطابق امریکی فوج کی تیاری کی سطح دوسری عالمی جنگ کے بعد اپنی مثال آپ تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران اور مشرق وسطیٰ کے چند دیگر ممالک نے واشنگٹن سے حملہ روکنے کی درخواست کی، کیونکہ ایک ایسے ابتدائی معاہدے کے خدوخال طے پا گئے تھے جو موجودہ بحران کے حل کی راہ ہموار کر سکتے ہیں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ مجوزہ معاہدے میں آبنائے ہرمز کو فوری اور مکمل طور پر کھولنے اور ایران کے مبینہ جوہری خطرے کے خاتمے کی شقیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے حملہ منسوخ کرنے کا فیصلہ دنیا کے مفاد اور ایران کے مستقبل اور خوشحالی کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا، تاہم یہ فیصلہ اس شرط سے مشروط ہے کہ جلد از جلد حتمی معاہدہ طے پا جائے۔ ٹرمپ نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ اسرائیل نے بھی اس عزم میں شمولیت اختیار کر لی ہے، اور تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ جلد از جلد معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے مشترکہ کوششیں کریں۔

بقیہ 25

سیکیورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن 11 گرج کے تحت خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کے علاقے شاکرو میں مساجد میں ڈیرے جمانے والے فتنہ الخوارج ٹی ٹی پی کے دو دہشت گرد اور ضلع خیبر کے علاقوں دربی خیل اور بٹان میں 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا اس حوالے سے بتایا گیا کہ سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج ٹی ٹی پی کے خلاف متعدد کارروائیاں مصدقہ انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر کی جا رہی ہیں، جن کا مقصد علاقے کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنا اور امن واستحکام کو یقینی بنانا ہے، سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں۔ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کی ویڈیو بھی جاری کی گئی ہے، جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ کواڈ کاپٹر کے ذریعے دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا، جو کھیں درختوں کی آڑ لیے ہوئے ہیں اور کہیں سڑک کنارے موجود ہیں۔

بقیہ 26

شدید گرمی و پیاس کے باعث جان کی بازی ہار گئے۔ یہ افراد ایک گاڑی کے ذریعے غیر قانونی طور پر ایران جانے کی کوشش کر رہے تھے، تاہم راستے میں گاڑی خراب ہونے کے بعد انہوں نے پیدل سفر جاری رکھا۔ رپورٹ کے مطابق امدادی کارروائی اس وقت شروع ہوئی جب گاڑی کا ڈرائیور شدید پیاس اور تھکن کی حالت میں ایک قریبی گاؤں پہنچا اور مقامی افراد سے مدد طلب کی۔ ابتدائی طور پر تلاش کے دوران 5 لاشیں ملی تھیں، جس کے بعد حکام نے دیگر لاپتا افراد کی تلاش کا دائرہ وسیع کیا۔ بعد ازاں ہفتے کے روز مزید 14 لاشیں صحرائی علاقے میں ریت کے نیچے سے برآمد کی گئیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ صوبہ میرو زافغانستان کے گرم ترین اور خشک ترین علاقوں میں شمار ہوتا ہے، جہاں اس وقت درجہ حرارت تقریباً 45 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ جاتا ہے، جس کے باعث طویل پیدل سفر انتہائی خطرناک ثابت ہوسکتا ہے

بقیہ 27

طلبہ و طالبات کیساتھ خصوصی نشست میں قومی سلامتی، دہشتگردی اور سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال پر تفصیلی گفتگو کی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خصوصی سیشن کے دوران طلبہ کے سوالات کے مدلل اور مفصل جوابات دیئے۔ آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ 2026 میں شریک طلبہ و طالبات نے کہا کہ مس انفارمیشن، ڈس انفارمیشن، پروپیگنڈا اور غیر مصدقہ خبروں سے بچاؤ کے حوالے سے مؤثر رہنمائی فراہم کی گئی جبکہ ڈی جی آئی ایس پی آر کی جامع اور معلوماتی گفتگو نے قومی سلامتی سے متعلق متعدد غلط فہمیوں اور ابہام کو دور کیا۔ انٹرنشپ میں موجود شرکاء نے بتایا کہ آزاد جموں و کشمیر کی صورتحال، بھارتی پروپیگنڈا اور پاکستان کے مؤقف پر تفصیلی بریفنگ نے زمینی حقائق کو سمجھنے میں مدد دی، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے متعلق ڈی جی آئی ایس پی آر کے حقائق پر مبنی مؤقف نے تمام تر ابہام کو ختم کر دیا۔ سمر انٹرن شپ 2026 کے شرکاء نے درست معلومات کے فروغ اور ملک دشمن پروپیگنڈے کا مؤثر مقابلہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ واضح رہے آئی ایس پی آر سمر انٹرن شپ 2026 میں پاکستان بھر کے 21 مختلف سٹیشنز پر 6 ہزار سے زائد طلبہ شرکت کر رہے ہیں۔

بقیہ 28

منصوبوں کی بارش کر دی گئی ہے جبکہ کئی دیگر اضلاع کو پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (PSDP) میں مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بعض علاقوں میں منتخب عوامی نمائندوں کو نظر انداز کرتے ہوئے غیر عوامی افراد کی اسکیمیں شامل کی گئی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ متوازن ترقی کے لیے ضروری ہے کہ وسائل کی تقسیم سیاسی پسند و ناپسند کی بنیاد پر نہیں بلکہ ضرورت، آبادی، متعلقہ ضلع کے معاشی تعاون اور پسماندگی جیسے معروضی عوامل کی بنیاد پر کی جائے تاکہ صوبے کے ہر ضلع کو ایک باقاعدہ اور مربوط منصوبہ بندی کے ذریعے ترقی کے مساوی مواقع میسر آ سکیں۔ جام کمال خان نے خبردار کیا کہ اس نوعیت کے معاملات صوبے کی موجودہ نازک صورتحال کو مزید بگاڑنے میں "آگ" کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

بقیہ 29

لیگ (ن) کی شاندار کامیابی پر راولپنڈی کے عوام، مہاجرین کشمیر اور پارٹی کارکنوں کو دلی مبارکباد دی اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ اتوار کو راولپنڈی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ راولپنڈی کے عوام اور مہاجرین نے ایک بار پھر قائد مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف کے بیانیے پر اپنے غیر متزلزل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے تینوں نشستیں جیت کر انہیں تحفہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ثابت ہوگیا ہے کہ کشمیری عوام آج بھی مسلم لیگ (ن) کی قیادت کے ساتھ کھڑے ہیں

بقیہ 30

لیگ (ن) کی شاندار کامیابی پر راولپنڈی کے عوام، مہاجرین کشمیر اور پارٹی کارکنوں کو دلی مبارکباد دی اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ اتوار کو راولپنڈی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ راولپنڈی کے عوام اور مہاجرین نے ایک بار پھر قائد مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف کے بیانیے پر اپنے غیر متزلزل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے تینوں نشستیں جیت کر انہیں تحفہ دیا ہے۔ انہوں نے کہا ک

خاران جملہ چستا بلوچستان ہائی الرٹ تمام اضلاع میں سیکورٹی سخت کر دی

کوئٹہ میں سیکیورٹی اقدامات غیر معمولی حد تک بڑھا دیے، شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر چیکنگ کا عمل سخت کر دیا

حساس تنصیبات کی حفاظت میں اضافہ، شہریوں سے شناختی دستاویزات ساتھ رکھنے اور تعاون کی اپیل

کوئٹہ (یو این اے) ضلع خاران میں پیش آنے والے مبینہ مسلح حملے کے بعد بلوچستان بھر میں سیکورٹی کی صورتحال کے پیش نظر پولیس، فرنٹیئر کور (ایف سی) اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ پولیس کی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

سینیٹ کمیٹی کی سفارش تشویشناک ہے، ڈاکٹر حمیرا طارق

خواتین کے باوقار اسلامی لباس کے حق میں کسی بھی قسم کی مداخلت ناقابل قبول ہے

لاہور (پ ر) سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق، صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید، صدر لاہور عظمیٰ عمران نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

آبادی سے متعلق آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈاکٹر نسرین گل

خاندانی منصوبہ بندی، تولیدی صحت اور زچہ و بچہ کی بہتر نگہداشت صحت مند اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے

لورالائی (رخ ن) محکمہ بہبود آبادی لورالائی کے زیر اہتمام میگا سیمینار، تولیدی صحت، خاندانی منصوبہ بندی اور ذمہ دار والدین کے شعور کو فروغ دینے پر زور، رورلڈ پاپولیشن ڈے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے انتخابات میں کامیاب ہونیوالے صدر محمد نواز پندرانی، جنرل سیکرٹری امان اللہ خان ترین و دیگر کا الیکشن کمیشن کے ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

جیری ویزا کوریئر سروس جلد کوئٹہ سے اپنی خدمات کا آغاز کریگی

گورنر مندوخیل

جیری ویزا کوریئر سروس کا قیام بلوچستان میں عوامی سہولیات کی فراہمی، بین الاقوامی روابط کے فروغ اور کاروباری سرگرمیوں کیلئے ایک اہم پیش رفت ہے

یہ اقدام صوبے کے عوام، طلبہ، تاجروں اور بیرون ملک سفر کرنے والے افراد کیلئے انتہائی مفید ثابت ہوگا، جعفر خان مندوخیل

کراچی (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ انہیں بلوچستان کے عوام کو یہ خوشخبری دیتے ہوئے بیحد خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ جیری ویزا کوریئر سروس بہت جلد باضابطہ طور پر کوئٹہ سے اپنی خدمات کا آغاز کرنے جا رہی ہے جو ان کی خصوصی کوششوں (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے لوک گلوکار گل میر جمالی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے 70 فیصد علاقے خشک سالی کی لپیٹ میں

مون سون کا سلسلہ کمزور رہنے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں جاری خشک سالی نے ایک بار پھر تشویش کی لہر دوڑا دی ہے، جہاں صوبے کے تقریباً 70 فیصد علاقے مسلسل خشک سالی کی لپیٹ میں (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر کی زیرِ صدارت تحصیل گنداخہ کے مقام باغ ہیڈ میں اجلاس

پانی کی منصفانہ تقسیم میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی محمد رمضان پلال

تصیر آباد (رخ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی زیرِ صدارت تحصیل گنداخہ کے مقام باغ ہیڈ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایکسین اریگیشن غلام محمد بادینی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے ہتھوڑے سے وار کر کے نوجوان کو قتل کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم افراد نے ہتھوڑے سے وار کر کے نوجوان کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کے علاقے سی جی ایس کالونی سیٹلائٹ ٹاؤن میں نامعلوم افراد نے ہتھوڑے سے وار کر کے ایک نوجوان کو ہلاک کر دیا

تمبو کے علاقے میں شوہر نے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو قتل کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے میں شوہر نے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو ہلاک کر دیا۔ تمبو منجھو شوری پولیس تھانے کی حدود گوٹھ غلام نبی میں گزشتہ روز مبینہ ملزم علی نواز نے ٹی ٹی پستول سے فائرنگ کر کے اپنی بیوی شبنم کو قتل کر کے فرار ہو گیا

گرمیوں کی تعطیلات میں توسیع کے وائرل نوٹیفکیشن کا نوٹس، جعلی قرار

سمر اور ونٹر زون کے تمام سکول آج بروز پیر کو ہی کھلیں گے، محکمہ ایجوکیشن

کوئٹہ (خ ن) محکمہ اسکول ایجوکیشن بلوچستان نے موسم گرما کی تعطیلات میں توسیع سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے نوٹیفکیشن کو جعلی، من گھڑت اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ محکمہ کی جانب سے اس حوالے سے کوئی نیا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

عوام اور پولیس ایک ہی معاشرے کا حصہ ہیں، موسیٰ خان مری

ہر شہری کے ساتھ بلا امتیاز اور قانون کے مطابق انصاف کیا جائے گا، ایس ایچ او

گنداخہ (نورحسن جمالی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان طاہر خان کی ہدایات پر ضلع اوستا محمد کے تمام تھانوں میں عوامی مسائل کے حل اور پولیس و عوام کے درمیان باہمی اعتماد کو فروغ دینے کے لیے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اسی سلسلے میں (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

4 کوئلہ کان سیل، حکومت کا سورینج حادثہ کی تحقیقات سی ایم آئی ٹی سے کرانے کا فیصلہ

واقعہ کی تحقیقات کیلئے کورٹ آف انکوائری تشکیل۔ محکمہ معدنیات کا بھی محکمانہ سطح پر واقعہ کی تحقیقات کرانے کا فیصلہ کیا

چیف منسٹر انسپکشن ٹیم دو ہفتوں میں انکوائری رپورٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان کو پیش کرے گی

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے سورینج کوئلہ کان حادثہ کی تحقیقات چیف منسٹر انسپکشن ٹیم (سی ایم آئی ٹی) سے کرانے کا فیصلہ کیا ہے وزیر اعلیٰ نے سی ایم آئی ٹی کو موقع پر جا کر واقعہ تحقیقات کرنے کی ہدایت کی ہے چیئرمین سی ایم آئی ٹی بشیر احمد بنگلزئی کی سربراہی میں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ (این این آئی) سورینج میں کوئلہ کان میں حادثے کے بعد 2 متاثرہ کوئلہ کانوں سمیت مجموعی طور پر چار کوئلہ کانوں کو سیل کر دیا گیا واقعہ کی تحقیقات کیلئے کورٹ آف انکوائری تشکیل دے دی گئی محکمہ معدنیات کا بھی محکمانہ سطح پر واقعہ کی تحقیقات کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

ڈیرہ بگٹی، دو اشتہاری ملزمان گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی ساوتھ پولیس کی کاروائی دو اشتہاری ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا گرفتار ملزمان سے اسلحہ برآمد تفتیش شروع پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی ساوتھ ایس ایس پی عبدالروف بابر کی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل عبدالجبار مگسی اور ایس ایچ او نور علی بگٹی نے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر دو اشتہاری ملزمان نعمان ولد رضا محمد اور جان محمد ولد محمد بخش اقوام بگٹی کو گرفتار کر لیا گیا

اور ماڑہ، سمندر میں تیز رفتار اسپیڈ بوٹ اور یکدار کے درمیان تصادم

اور ماڑہ (یو این اے) دیمی زر میں تیز رفتار اسپیڈ بوٹ اور ماہی گیری میں مصروف ایک چھوٹی روایتی کشتی جسے مقامی زبان میں یکدار کہا جاتا ہے کے درمیان شدید تصادم کے نتیجے میں ایک ماہی گیر شدید زخمی ہو گیا۔

K الیکٹرک، ابراہیم کے کالونی کے مکینوں کو قیامت خیز عذاب میں مبتلا کر دیا

15 گھنٹوں سے زائد عرصے سے پورے علاقے میں بجلی کی کم وولٹیج کا مسئلہ برقرار

سونمیانی ونڈر (زبیر بلوچ) K الیکٹرک کی مبینہ نااہلی غفلت اور غیر ذمہ دارانہ رویے نے ابراہیم کے کالونی کے مکینوں کو قیامت خیز عذاب میں مبتلا کر دیا۔ 15 گھنٹوں سے زائد عرصے سے پورے علاقے میں بجلی کی کم وولٹیج کا مسئلہ برقرار گھریلو زندگی مفلوج تاجر (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

آئی بی اے پاس امیدواروں کا نوکریاں نہ ملنے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے منتخب نمائندوں سے نوٹس لیکر آفر آرڈر جاری کروانے کا مطالبہ کر دیا

جیکب آباد (نامہ نگار) آئی بی اے پاس امیدواروں کا نوکریاں نہ ملنے کے خلاف گڑھی خیرو میں احتجاجی مظاہرہ، شدید نعرے بازی، تفصیلات کے مطابق 5 سے 15 گریڈ کی نوکریوں کیلئے نوجوانوں کا عبدالنبی کھوسو، علی مراد جمالی، عبیداللہ بروہی اور دیگر کی قیادت (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ جماعت اسلامی کے صوبائی ذمہ داران ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔ اجلاس میں صوبہ بھر سے صوبائی ذمہ داران، الخدمت فاؤنڈیشن و دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران شریک ہیں

بلوچستان 62 ہائی سک یونین کونسلز میں آج سے خصوصی انسداد پولیو مہم کا آغاز ہو گا

یہ خصوصی مہم ان علاقوں میں چلائی جا رہی ہے جہاں آبادی کی نقل و حرکت زیادہ ہے، انعام الحق

2 لاکھ 9 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف، 862 ٹیمیں، 61 فکسڈ سائٹس اور 72 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم

کوئٹہ (یو این اے) ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق کے مطابق پیر سے صوبے کے 13 اضلاع کی 62 ہائی رسک یونین کونسلز میں خصوصی انسداد پولیو مہم کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ اس مہم کا بنیادی مقصد ان مخصوص علاقوں میں پانچ (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

مستحکم پاکستان کیلئے صوبوں کو حقوق دیئے جائیں، پروفیسر حلیم صادق

بلوچستان کی خوشحالی، ترقی اور امن عوام پاکستان پارٹی کی سیاست کا بنیادی محور ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ پاکستان کی مضبوطی، قومی یکجہتی اور پائیدار استحکام کا راستہ صرف اس وقت ہموار ہو سکتا ہے جب آئین کے مطابق صوبوں کو ان کے مکمل سیاسی، انتظامی اور معاشی حقوق فراہم کیے جائیں۔ بلوچستان قدرتی وسائل (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

ڈیرہ مراد جمالی اور گردونواح میں تیز آندھی

موسلا دھار بارش، کچے مکانات گرنے سے 22 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی بختیار اباد نوتال لانڈھی سبی ڈیرہ پکنی لہڑی تمبو و دیگر علاقوں میں تیز آندھی کے ساتھ موسلا دھار بارشوں نے بڑے پیمانے پر تباہی مچا دی بجلی کے کھمبے گرنے سے کئی علاقے تاریکی میں ڈوب گئے مکانات کی چھتیں دیواریں گرنے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

میڈیا ورکرز کے مسائل کا حل حکومت کی ذمہ داری ہے، بی ایم ایف

ورکرز اور اخباری صنعت کے ساتھ کسی بھی قسم کی زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی، بلوچستان میڈیا فورم

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم (B.M.F) نے اپنے جاری کردہ اعلامیہ میں واضح کیا ہے کہ بلوچستان کے میڈیا ورکرز، صحافی برادری اور اخباری صنعت کے ساتھ کسی بھی قسم کی ناانصافی، امتیازی سلوک یا زیادتی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، پریس کلب میں نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل کبیر محمد شہی، بلگزار شاہ، یعقوب شاہوانی، فرید اللہ کی نگرانی میں نیشنل پارٹی ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے انٹرا پارٹی الیکشن کے موقع پر حاجی عطا محمد بنگلوئی، کامران بنگلوئی، آغا گل، نصیر شاہوانی اور دیگر ووٹ کاسٹ کر رہے ہیں

عبدالمالک درانی سے بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کے دوران ٹیکس دہندگان اور ٹیکس پریکٹیشنرز کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو بلوچستان عبدالمالک درانی سے بلوچستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی، جس میں ٹیکس ایئر 2026 کے لیے انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کے دوران ٹیکس دہندگان اور ٹیکس پریکٹیشنرز کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

سیوی، گرمیوں کی تعطیلات ختم، ضلع بھر کے تمام سرکاری و غیر سرکاری سکول کھل گئے

ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی والدین کو بچوں کو باقاعدگی سے سکول بھیجنے کی ہدایت

سیوی (یو این اے) گرمیوں کی طویل تعطیلات کے اختتام کے بعد آج ضلع بھر کی سرکارکاری و غیر سرکاری اسکول باقاعدہ طور پر کھلیں گے والدین کا کہنا ہے کہ علاقے میں شدید گرمی اور حبس کی وجہ سے بچوں کو اسکول بھیجنا ان کی صحت کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے اس لیے حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ گرمیوں کی تعطیلات میں مزید چند روز کی توسیع کرے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

صحافی مجیب خان اچکزئی کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات حافظ عبدالغنی شہزاد نے سما نیوز کے رپورٹر مجیب خان اچکزئی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مجیب اچکزئی اور دیگر لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی کامل مغفرت فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل نصیب فرمائے۔

حافظ نعیم الرحمٰن کا 14 نکاتی صلاحی ایجنڈے پر قومی ڈائیلاگ کی تجویز

کسی بھی ملک میں انتظامی یونٹس کی تقسیم کوئی بڑا مسئلہ نہیں نظام کی ناکامی کا اعتراف کرنے والے دل بڑا کریں، مذاکرات کا آغاز کریں

سیاسی قیدی رہا کیے جائیں، عوامی رائے کا احترام ضروری ہے، امیر جماعت اسلامی کا ویڈیو پیغام

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ جب نظام کو بنانے اور چلانے والوں نے ناکامی کا اعتراف کر لیا ہے تو دل بڑا کریں اور نیشنل ڈائیلاگ کا آغاز کریں، عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کریں۔ اپنے ویڈیو پیغام میں امیر جماعت اسلامی نے شفاف انتخابات، آزاد عدلیہ، متناسب نمائندگی کی بنیاد پر انتخابات، بااختیار بلدیاتی حکومتوں اور خاندانی و شخصی اجارہ (بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر)

لاہور، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش کی 983 ویں سالانہ عرس مبارک کے آغاز کے بعد لنگر تقسیم کا افتتاح کر رہے ہیں

غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے عوام کو نجات، بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے

حکومت شہریوں کے سر و مال کی تحفظ کو یقینی بنائے، ہنہ اوڑک، سرہ غوڑ گئی، منگلہ، چشمہ و دیگر علاقوں میں بدامنی کے واقعات کی مذمت

میٹرو پولیٹن کارپوریشن کوئٹہ ملیریا و دیگر امراض سے بچاؤ کیلئے فوری طور پر اسپرے کرے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط تحصیل صدر کے ایگزیکٹیو اور کمیٹی کے اجلاس تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی کے زیر صدارت منعقد ہوئے۔ اجلاسوں میں تحصیل ایگزیکٹیو اور کمیٹی کے اراکین نے سیاسی تنظیمی رپورٹس پیش کی جس (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

گورنمنٹ پرائمری سکول مدرسہ بحر العلوم چمن آج سے کھل جائے گا

چمن (نامہ نگار) موسم گرما کی مختصر تعطیلات کے بعد گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ عربیہ بحر العلوم جامع مسجد نور محلہ شیخ الحدیث حضرت مولانا فتح محمد چمنی رحمہ اللہ گھوڑا ہسپتال روڈ چمن میں آج 3 اگست 2026 (بروز پیر) سے باقاعدہ تدریسی سرگرمیوں کا دوبارہ آغاز ہو رہا ہے۔ ہیڈ ٹیچر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام والدین اور سرپرست اپنے بچوں کی بروقت سکول آمد کو یقینی بنائیں

ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی کی روح کے ایصال ثواب کیلئے کوئٹہ میں فاتحہ خوانی کل ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) سابق ڈی ایچ او و قبائلی رہنما ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی جو گزشتہ دنوں انتقال کر گئے جانزیب رخشانی، صوبائی اسمبلی کے اسٹوگرافر میر قادر بخش رخشانی کے والد واٹر مینجمنٹ آفیسر میر عطاء اللہ رخشانی، نیشنل بینک کے آفیسر میر ثناء اللہ رخشانی، سابقہ ایڈوائزر بلوچستان اسمبلی سلیم سیاپاد کے چچا تھے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے کوئٹہ میں 2 دن کیلئے فاتحہ خوانی 4 اور 5 اگست منگل اور بدھ کو انکی رہائش گاہ متصل جامع مسجد گرین ٹاؤن سریاب روڈ میں لی جائے گی۔ جبکہ مرحوم ڈاکٹر عبدالرحیم رخشانی کی فاتحہ خوانی اور تعزیت کا سلسلہ ان کے آبائی گاؤں، گوٹھ میر عبدالرحمان خان رخشانی میں بھی بدستور جاری رہے گا۔

عبدلولی اچکزئی (مرحوم) کی زوجہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں

کوئٹہ (این این آئی) عبدلولی اچکزئی (مرحوم) کی زوجہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئی ہیں وہ نقیب اللہ اچکزئی (ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ) سمیع اللہ اچکزئی (کسٹمز انسپکٹر) مجیب اللہ اچکزئی (رپورٹر سماء نیوز) اور احسان اللہ اچکزئی (پراپرٹی ڈیلر) کی والدہ، اسد اللہ خلجی (ریٹائرڈ ملازمین بلوچستان یونیورسٹی کی ہمشیرہ، جیولرز حافظ محمد فضل کی خوشدامن، ملک عبدالنبی اچکزئی (مرحوم) (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے انتخابات مکمل

محمد نواز پندرانی صوبائی صدر، امان اللہ خان ترین صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے انتخابات میر نصیر خان نوری کلچرل ہال اسپنی روڈ میں الیکشن کمیشن کے ممبران حیات اللہ باروزئی، مہر علی، ایوب صابر کی نگرانی میں منعقد ہوئے اجلاس میں صوبے بھر سے ڈسٹرکٹ ہیڈز، کوئٹہ کے پرائیویٹ اسکولز کے ڈائریکٹرز اور پرنسپل نے شرکت کی۔ نتائج کے مطابق محمد (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، خالق آباد کے قبائلی رہنماء میر جہانگیر لاشو، سراج احمد، عبدالستار و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

باغ ٹیل بزرگر کمیٹی کا قیام۔ 4 اگست کو ڈپٹی کمشنر کے آفیس کے سامنے دھرنا دینے کا اعلان

علاقے کی بنیادی اہم مسئلے سمیت مشترکہ جائز حقوق کے حصول کیلئے پرامن جمہوری جدوجہد کریں گے

گنداخہ (نورحسن جمالی) باغ ٹیل بزرگر کمیٹی کا قیام۔ 4 اگست کو ڈپٹی کمشنر کے آفیس کے سامنے دھرنا دینے کا اعلان۔ علاقے کی بنیادی چیز پانی جیسے اہم مسئلے سمیت مشترکہ جائز حقوق کے حصول کیلئے پرامن جمہوری جدوجہد کریں گے۔ میر دیدار حسین پلال صدر۔ میر حسن خان جمالی جنرل سکریٹری جبکہ اسداللہ جمالی پریس سکریٹری مقرر۔ مزید کابینہ میں (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے مختلف یونٹوں کا تفصیلی دورہ

حقیقی جمہوریت اور آئین کی بالادستی کے لیے جے یو آئی کی جدوجہد جاری رہے گی، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام تنظیمی سرگرمیوں کے سلسلے کوئٹہ کے مختلف یونٹوں میں جن میں تحصیل کچلاک، کلی رحیم گل درویش آباد بلیلی یونٹ، حلقہ غمرگ یونٹ، سمنگلی یونٹ، ریگی ناصران یونٹ، سید احمد شہید یونٹ پشتون باغ اور الجہاد (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے انتخابات مکمل

محمد نواز پندرانی صوبائی صدر، امان اللہ خان ترین صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان پروگریسیو پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے انتخابات میر نصیر خان نوری کلچرل ہال اسپنی روڈ میں الیکشن کمیشن کے ممبران حیات اللہ باروزئی، مہر علی، ایوب صابر کی نگرانی میں منعقد ہوئے اجلاس میں صوبے بھر سے ڈسٹرکٹ ہیڈز، کوئٹہ کے پرائیویٹ اسکولز کے ڈائریکٹرز اور پرنسپل نے شرکت کی۔ نتائج کے مطابق محمد (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)